CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد

امروز

www.dailyimroze.com

جلد نمبر 29 | ہفتہ 29 جون 2024ء 22 ذوالحجہ 1445ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ 275

امریکی ایوان نمائندگان کی قرارداد پاکستان کے داخلی امور میں غیر ضروری مداخلت ہے، ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان خود مختار ریاست، ہمارے درمیان بہترین دوطرفہ تعلقات ہیں، امریکی ایوان نمائندگان کی قرارداد پاکستان کے داخلی امور میں غیر ضروری مداخلت ہے

ایک دوسرے کے اندرونی معاملات میں دخل نہ دینے کی پالیسی سے تعلقات بہتر رہتے ہیں، پاکستان غزہ سے اسرائیلی فورسز کی فوری واپسی کا مطالبہ کرتا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (نیوز ایجنسی) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ امریکی قرارداد پاکستان کے معاملات میں مداخلت ہے جو قابل قبول نہیں، ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرہ بلوچ نے میڈیا بریفنگ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرہ بلوچ میڈیا کے نمائندوں کو ہفتہ وار بریفنگ دے رہی ہیں

فنانس بل میں کوئی کفایت شعاری پلان نہیں رکھا گیا، بیرسٹر گوہر

انکم ٹیکس آرڈیننس میں بھی یہ لوگ ترامیم کرنا چاہ رہے ہیں، چیئرمین پاکستان تحریک انصاف

اسلام آباد (آئی این پی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کو اس بات پر ٹارگٹ کیا جارہا ہے کہ وہاں کے لوگوں نے تحریک انصاف کو ووٹ دیا۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ فنانس بل میں کوئی کفایت شعاری پلان نہیں رکھا گیا، اس حکومت میں سب سے زیادہ لوگ بیروزگاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی آئی اے اور ڈسکوز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

پہلا صدارتی مباحثہ، بائیڈن اور ٹرمپ کی ایک دوسرے پر الزامات کی بوچھاڑ

اٹلانٹا ویب ڈیسک) امریکا میں 5 نومبر کو ہونیوالے صدارتی انتخابات کے سلسلے میں ریاست جارجیا کے شہر اٹلانٹا میں پہلا صدارتی مباحثہ ہوا جس میں ڈیموکریٹک پارٹی کے امیدوار موجودہ صدر جو بائیڈن اور ری پبلیکن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

پیٹرولیم لیوی کی کمی کی ترمیم مسترد، NFC ایوارڈ میں صوبوں کو حصہ دیا گیا

شہباز شریف

ایمنسٹی سکیم میں تمام صوبوں کو یکساں مواقع فراہم کئے گئے ہیں، خیبر پختونخوا کو پانچ سو نوے ارب روپے دیئے گئے لیکن ابھی تک وہاں پر سی ٹی ڈی کا محکمہ نامکمل ہے، قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب

پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی میں کمی کے لیے پیپلز پارٹی نے ترامیم واپس لے لیں جبکہ اپوزیشن کی ترامیم ایوان نے مسترد کردیں جس پر اپوزیشن نے رائے شماری کرانے کا مطالبہ کیا۔ اس دوران، 170 ارکان اسمبلی نے پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی میں کمی کے خلاف ووٹ دے دیا جبکہ 84 ارکان نے لیوی میں کمی کی حمایت کی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ این ایف سی ایوارڈ میں صوبوں کو حصہ دیا گیا، ایمنسٹی سکیم میں تمام صوبوں کو یکساں مواقع فراہم کئے گئے ہیں، خیبر پختونخوا کو پانچ سو نوے ارب روپے دیئے گئے لیکن ابھی تک وہاں پر سی ٹی ڈی کا محکمہ نامکمل ہے۔ قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ اپوزیشن نے این سی ایوارڈ کی بات انہوں نے کہا 2010 میں آخری این ایف سی ہوا تھا اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) قومی اسمبلی میں بجٹ 2024-25 کی منظوری کا عمل کے دوران پیپلز پارٹی نے پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی میں کمی کی ترامیم واپس لے لیں جبکہ اپوزیشن کی تمام ترامیم مسترد کردی گئیں۔ قومی اسمبلی کے بجٹ اجلاس میں فنانس بل کی شق وار منظوری کا عمل جاری، اجلاس میں نماز جمعہ کا وقفہ کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور آصفہ بھٹو زرداری بھی اجلاس میں شریک تھے۔ پیٹرولیم 0 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مریم نواز کے خطاب کے دوران اپوزیشن کا رویہ قابل افسوس ہے: عظمیٰ بخاری

ہم نے سوچ لیا ہے، اپوزیشن جیسا کرے گی ویسا ہی موصول کرے گی

پی ٹی آئی کو عثمان بزدار جیسا ٹوٹ بٹوٹ پسند ہے، صوبائی وزیر اطلاعات

لاہور (نیوز ایجنسی) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ آج پنجاب اسمبلی میں مریم نواز کے خطاب کے دوران جو کچھ ہوا، قابل افسوس ہے۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اطلاعات پنجاب نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے ایوان میں 100 دن کی کارکردگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

فرانس میں 150 سے زائد تارکین وطن کو بچا لیا گیا

تارکین وطن دو مختلف کشتیوں میں سوار ہو کر انگلش چینل عبور کرنے کی کوشش کررہے تھے

جنہیں آبنائے ڈوور کے قریب ریسکیو کر لیا گیا ہے، حکام

پیرس (آئی این پی) فرانسیسی حکام نے برطانیہ پہنچنے کی کوشش کرنے والے 150 سے زائد تارکین وطن کو سمندر کی بے رحم موجوں سے بچا لیا، حکام کے مطابق تارکین وطن دو مختلف کشتیوں میں سوار ہو کر انگلش چینل عبور کرنے کی کوشش کررہے تھے، جنہیں آبنائے ڈوور کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: وزیراعظم میاں شہباز شریف قومی اسمبلی کے بجٹ اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

فیصل واوڈا اور مصطفیٰ کمال کی غیر مشروط معافی قبول، توہین عدالت کا نوٹس واپس

غیر مشروط معافی آگئی ہے معاملے کو آگے نہیں بڑھانا چاہتے، چیف جسٹس

اسلام آباد (نیوز ایجنسی) سپریم کورٹ نے توہین عدالت کیس میں سینیٹر فیصل واوڈا اور رہنما ایم کیو ایم مصطفیٰ کمال کی غیر مشروط معافی قبول کرتے ہوئے توہین عدالت کا نوٹس بھی واپس لے لیا جبکہ عدالت نے ٹی وی چینلز کو شوکاز نوٹس جاری کردیئے۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

انتخابات سے متعلق امریکی قرارداد قابل مذمت ہے: جاوید لطیف

مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی جارہی ہے، کیا وہ کسی کو یاد آئی؟

لاہور (آئی این پی) رہنما مسلم لیگ (ن) جاوید لطیف نے کہا کہ پاکستان کے انتخابات سے متعلق امریکی قرارداد قابل مذمت ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی جارہی ہے، کیا وہ کسی کو یاد آئی؟ انہوں نے کہا کہ جب پاکستان لیک آف کرنے لگتا ہے تو اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

دہشتگردی پورے ملک کا مسئلہ، ایک صوبے سے جوڑنا مناسب نہیں: بیرسٹر سیف

عزم استحکام آپریشن کے حوالے سے کنفیوژن پیدا ہوئی ہے

پشاور (نیوز ایجنسی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ دہشت گردی پورے ملک کا مسئلہ ہے، ایک صوبے سے جوڑنا مناسب نہیں۔ پشاور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ پاکستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے مسائل ہیں، عزم استحکام آپریشن کے حوالے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

شبلی فراز نے شیر افضل مروت کو غیر اہم شخص قرار دیدیا

پی ٹی آئی میں کوئی گروپ بندی نہیں ہے، رہنماء پی ٹی آئی

اسلام آباد (نیوز ایجنسی) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر شبلی فراز نے پارٹی رہنما شیر افضل مروت کو غیر اہم شخص قرار دیدیا، پی ٹی آئی میں کوئی گروپ بندی نہیں ہے اور صرف ایک ہی گروپ ہے جس کا نام پی ٹی آئی گروپ ہے، غیر اہم لوگوں کی بات کا جواب نہیں دیتا، مذاکرات پر ہوائی بات نہیں ہوتی، سب کو باہر نکالیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

محمد علی درانی نے عمران خان کی رہائی پیشنگوئی کردی

اگلے الیکشن کیلئے سازگار ماحول بنائیں اور الیکشن کیلئے قانون سازی کریں

اسلام آباد (نیوز ایجنسی) سابق وفاقی وزیر محمد علی درانی نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی اور ایک سال میں دوبارہ الیکشن کروانے کی پیشنگوئی کردی، عمران خان ان سے مذاکرات کریں اور اگلے الیکشن کیلئے سازگار ماحول بنائیں اور الیکشن کیلئے قانون سازی کریں، عمران خان کے ساتھ 98 فیصد نوجوان ہیں اور نوجوانوں سے پنگا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

وزیراعلیٰ پنجاب نے ماڈل بازاروں سے مفت ہوم ڈیلیوری شروع کرنے کی منظوری دیدی

پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا بجٹ پیش کردیا ہے

مریم نواز

35 ارب روپے مختص، ماڈل بازاروں میں مقررہ نرخ سے کم سبزیاں اور پھل کی فروخت یقینی بنانے کی ہدایت، ماڈل بازار عام آدمی کے لئے ہیں، ہر صورت میں اچھی چیز ملنی چاہیئے۔ مریم نواز شریف

اپوزیشن کے پاس کہنے کو کچھ نہیں، گالی گلوچ، نعرہ بازی اور شور مچانا یہ ازل سے کرتے آئے ہیں، انشاءاللہ ہم ان کو اپنی کارکردگی سے مات دیں گے، وزیراعلیٰ پنجاب کا صوبائی اسمبلی سے خطاب

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ماڈل بازاروں سے مفت ہوم ڈیلیوری شروع کرنے کی منظوری دیدی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے ماڈل بازار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

لاہور: (دنیا نیوز) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ ہم نے پاکستان اور پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا بجٹ پیش کردیا ہے۔ پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن کے شو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

لاہور ہائیکورٹ کے مستقل چیف جسٹس کی تقرری معاملہ، جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 2 جولائی کو طلب

تاریخ میں پہلی مرتبہ لاہور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس کی تقرری کیلئے طریقہ کار تبدیل

سینئر ترین جج کی بطور چیف جسٹس تقرری کی بجائے ٹاپ تھری ججز میں سے چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کا انتخاب ہوگا

لاہور (نیوز ایجنسی) لاہور ہائیکورٹ کے مستقل چیف جسٹس کی تقرری کے معاملے پر چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے 2 جولائی کو جوڈیشل کمیشن کا اجلاس طلب کرلیا، تاریخ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبائی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کررہی ہیں

مقدمات کی تفصیلات فراہمی کیس، علی امین گنڈا پور اور انکے بھائیوں کی درخواستیں نمٹا دی گئیں

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور اور انکے دونوں بھائیوں فیصل امین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

بلوچستان میں بدترین لوڈشیڈنگ، شہریوں کا پارہ ہائی، مظاہرے، سڑکیں بلاک

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ پر شہریوں کا پارہ ہائی ہوگیا، گرمی کے ستائے عوام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

عمر ایوب خان پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل اور چیئرمین فنانس بورڈ کے عہدوں سے مستعفی ہوگئے

مئی 2023 سے پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل کے طور پر خدمات سرانجام دینا باعث اعزاز رہا۔ شاندار سپورٹ پر سینیٹر شبلی فراز، کور کمیٹی اور تنظیمی ممبران کا شکر گزار ہوں

میں سمجھتا ہوں کہ سیکرٹری جنرل کے عہدے کے ساتھ انصاف نہیں کرسکتا، پارٹی ڈھانچے کو منظم کرنے کیلئے سیکرٹری جنرل کا عہدہ کسی اور کو دیا جائے، اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب خان کا ٹویٹ

اسلام آباد (نیوز ایجنسی) پاکستان تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری عمر ایوب خان سیکرٹری جنرل کے عہدے سے مستعفی ہوگئے۔ ایکس پر اپنے ٹویٹ کردہ استعفے میں کہا کہ مئی 2023 سے پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل کے طور پر خدمات سرانجام دینا باعث اعزاز رہا۔ شاندار سپورٹ پر سینیٹر شبلی فراز، کور کمیٹی اور تنظیمی ممبران کا شکر گزار ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ سیکرٹری جنرل کے عہدے کے ساتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری خوشگوار موڈ میں گفتگو کررہے ہیں

نئے مالی سال کا بجٹ عوام کیخلاف اقتصادی دہشت گردی ہے، عمر ایوب

محسن نقوی نے بطور نگران وزیراعلیٰ ساڑھے 4 سو ارب کی گندم درآمد کی، اربوں کمائے، نیب تحقیقات کرے

صنعتوں کیخلاف بجٹ سے اقتصادی ترقی نہیں ہوسکتی، بجلی کی کمی کرنے والے اداروں کو قرض کیوں دیا جارہا؟

اسلام آباد (نیوز ایجنسی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے کہ نئے مالی سال کا بجٹ عوام کیخلاف اقتصادی دہشت گردی ہے، قومی اسمبلی میں اظہار خیال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری اسمبلی کے باہر میڈیا سے گفتگو کررہی ہیں

پرویز الٰہی کا نام ای سی ایل میں شامل کرنے کا اقدام ہائیکورٹ میں چیلنج

لاہور (آئی این پی) سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے نام ایگزٹ کنٹرول لسٹ (ای سی ایل) میں شامل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

کوئٹہ میں ایم پی اے کے بھتیجے کا ٹریفک پولیس اہلکار پر تشدد

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ میں ایم پی اے لیاقت لہڑی کے بھتیجے نے ٹریفک پولیس اہلکار کو سر عام تشدد کا نشانہ بنا ڈالا۔ پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

ٹی 20 ورلڈ کپ، بھارت ساؤتھ افریقہ فائنل میں پہنچ گئے

دفاعی چیمپئن انگلینڈ بھارتی ہدف پورا نہ کرسکا، افغانی بھی 57 رنز پر ڈھیر

تاروبا (نیوز ایجنسی) ٹی 20 ورلڈ کپ میں بھارت نے انگلینڈ اور ساؤتھ افریقہ افغانستان کو ہرا کر فائنل میں پہنچ گیا۔ بھارت نے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 171 رنز بنائے، کپتان روہت شرما 57 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

سولر پینل پر کوئی ڈیوٹی نہیں ہے، حکومت گرین انرجی کا فروغ چاہتی ہے

وزیر خزانہ

ہمیں حقیقت پر بات کرنی چاہیے، کرنسی اسٹیبل ہے اور یہ ایسے ہی رہے گی، سرمایہ کار واپس آرہے ہیں، پچھلے مہینے غذائی مہنگائی 2 فیصد پر تھی، معیشت میں استحکام آیا ہے

معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے، ایف بی آر میں ڈیجیٹل اصلاحات، ٹیکس چوری اور کرپشن کا خاتمہ کیا جائیگا، زرمبادلہ کے ذخائر 9 ارب ڈالر تک پہنچ گئے ہیں، قومی اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ہمیں حقیقت پر بات کرنی چاہیے کہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ کیسا ہے، کرنسی اسٹیبل ہے اور یہ ایسے ہی رہے گی، سرمایہ کار واپس آرہے ہیں، پچھلے مہینے غذائی مہنگائی 2 فیصد پر تھی۔ انہوں نے کہا کہ معیشت میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

این ٹی ڈی سی نے ملازمین کی ملنے والی میڈیکل سہولت ختم کردی

لاہور (آئی این پی) نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (این ٹی ڈی سی) نے ملازمین کو ملنے والی میڈیکل سہولت ختم کردی۔ این ٹی ڈی سی اعلامیے کے مطابق تمام موجودہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد ہائیکورٹ اور ماتحت عدالتوں میں موسم گرما کی تعطیلات کا اعلان

اسلام آباد ہائی کورٹ میں 10 جولائی سے 10 ستمبر تک موسم گرما کی تعطیلات ہوں گی

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائی کورٹ اور ماتحت عدالتوں میں موسم گرما کی تعطیلات کا اعلان کردیا گیا۔ چیف جسٹس کی منظوری سے اسلام آباد ہائی کورٹ اور ماتحت عدالتوں میں موسم گرما کی تعطیلات کے الگ الگ نوٹیفکیشن جاری کردیئے گئے ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اسلام آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

عمران خان نے ملاقاتوں کی اجازت نہ دینے کیخلاف عدالت سے رجوع

درخواست میں وزارت داخلہ، ہوم سیکرٹری کیساتھ حکومت پنجاب کو فریق بنایا گیا ہے

اسلام آباد (آئی این پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے پارٹی لیڈرشپ و وکلا کو ملاقاتوں اور مشاورت کی اجازت نہ دینے کیخلاف اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا۔ د (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

سوات: امدادکارکن حادثہ کا شکار ہونے والی سکول بس سے زخمی بچوں کو نکال رہے ہیں

کراچی، 24 گھنٹوں کے دوران ہیٹ اسٹروک سے 7 افراد جاں بحق

کراچی (آئی این پی) کراچی میں 24 گھنٹوں کے دوران ہیٹ اسٹروک سے 7 افراد انتقال کرگئے۔ محکمہ صحت سندھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کا 14 ویں روز ہڑتال ختم کرنے کا فیصلہ

لاہور (آئی این پی) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن نے 14 ویں روز ہڑتال ختم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ وائے ڈی اے جنرل کونسل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

چینی کمپنی پنجاب میں فوڈ پروسیسنگ بزنس میں 8 ملین ڈالر کی سرمایہ کرے گی

پہلے مرحلے میں 6000 مربع میٹر (تقریباً 1.5 ایکڑ) کا احاطہ کیا جائے گا

لاہور (آئی این پی) چین کی شنگھائی بائی روڈ فوڈ ٹیکنالوجی کمپنی لمیٹڈ نے پنجاب میں فوڈ پروسیسنگ بزنس قائم کرنے کے لئے 8 ملین ڈالر کی سرمایہ کرے گی، ابتدائی سیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

صحافیوں سے ہمارا تعلق بہت مضبوط ہے، مسائل فوری حل کرینگے

عطاء اللہ تارڑ

دہائیوں پر محیط بجٹ آتا ہے، بجٹ بکس کا مسئلہ کبھی نہیں ہوا کہ یہ فراہم نہ کی گئی ہوں، وفاقی وزیر اطلاعات

میں وزیر خزانہ سے بات کروں گا اور آپ کو بجٹ بکس دوں گا، قومی اسمبلی میں صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء تارڑ نے کہا ہے کہ صحافیوں سے ہمارا تعلق بہت مضبوط ہے، ہماری کوشش ہے صحافیوں کے مسائل فوری حل کریں، دہائیوں پر محیط بجٹ آتا ہے، بجٹ بکس کا مسئلہ کبھی نہیں ہوا کہ یہ فراہم نہ کی گئی ہوں، میں وزیر خزانہ سے بات کروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

حافظ آباد، گائنی وارڈ میں مخصوص انجیکشن لگنے سے متعدد خواتین کی حالت غیر

حافظ آباد (آئی این پی) پنجاب کے شہر حافظ آباد کے ڈی ایچ کیو اسپتال کے گائنی وارڈ میں متعدد مریضوں کی حالت بگڑ گئی۔ ورثا کا الزام ہے کہ ڈی ایچ کیو اسپتال کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

شیریں مزاری کا اب نام ای سی ایل لسٹ میں موجود نہیں

شیریں مزاری کی ای سی ایل سے نام نہ نکالنے پر توہین عدالت کی درخواست نمٹا دی گئی

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے شیریں مزاری کی ای سی ایل سے نام نہ نکالنے پر توہین عدالت کی درخواست نمٹا دی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کی جسٹس محسن رفعت امتیاز نے شیریں مزاری کی ای سی ایل سے نام نہ نکالنے پر توہین عدالت کی درخواست پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

تمام انجینسیاں عدالت کا حکم تسلیم کرنے کی پابند ہیں، لاہور ہائیکورٹ

ہمارے سامنے روز ایک پولیس اہلکار کھڑا ہوتا ہے کہ ہمیں تھوڑا سا وقت دے دیں ہم ڈھونڈ رہے ہیں، جسٹس امجد رفیق

اگر آپ اسے آرگنائزڈ کرائم یونٹ میں لے جارہے ہیں تو پھر ہمیں بتادیں، کون مغوی کو اٹھا کر لے گئے؟ جسٹس امجد رفیق

لاہور (نیوز ایجنسی) لاہور ہائی کورٹ نے رہنما پاکستان تحریک انصاف ڈاکٹر شہباز گل کے بھائی کی بازیابی کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد: وفاقی وزیر انڈسٹری رانا تنویر حسین اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ، محسن نقوی کو سینیٹ کی نشست سے نااہل قرار دینے کیلئے درخواست دائر

لاہور (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو سینیٹ کی نشست سے نااہل قرار دینے کے لیے لاہور ہائی کورٹ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

آج دنیا کو درپیش چیلنجز حدود سے بالاتر ہیں، وزیر داخلہ

ہمیں دنیا میں سرحدی تنازعات درپیش ہیں، اس صورتحال میں ہمارا اتحاد اور مشترکہ عزم پہلے سے زیادہ اہم ہے، محسن نقوی

پاکستان عالمی امن برقرار رکھنے کے سلسلے میں افریقی یونین اور او آئی سی کے ساتھ تعاون کے لیے پرعزم ہے، پاکستان یو این کے ساتھ کام کرتا رہے گا، خطاب

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں خصوصی اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

نیویارک (نیٹ نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ آج دنیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

سوات، نجی سکول کی بس کھائی میں جا گری، ایک بچہ جاں بحق 30 زخمی

سوات (نمائندہ خصوصی) سوات کے علاقے خوازہ خیلہ میں اسالہ کے مقام پر نجی سکول کی بس کھائی میں جا گری جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

اداریہ

آپ کی رائے

کابینہ سے آپریشن عزم استحکام کی منظوری

وفاقی کابینہ نے آپریشن عزم استحکام کی منظوری دے دی۔ کابینہ کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ کوئی دباؤ مسلح آپریشن نہیں ہوگا۔ پہلے سے جاری انٹیلی جنس کی بنیاد پر کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے گا۔ آپریشن عزم استحکام سے متعلق غلط فہمیاں پھیلائی جا رہی ہیں، نقل مکانی کی ضرورت والا آپریشن نہ ہوگا۔ تین دہائیوں کے بعد پاکستان میں حالات خراب ہونا شروع ہوئے۔ افغانستان سے تیزی کیساتھ پاکستان میں دہشت گردی داخل ہوئی تو متعدد آپریشنز کرنے پڑے۔ ان میں آپریشن راہ نجات، راہ حق، آپریشن ضرب عضب، آپریشن ردالفساد شامل تھے۔ ان میں سب سے بڑا اور موثر ضرب عضب آپریشن تھا۔ 2014 میں یہ آپریشن شروع کیا گیا اور اپنے مقاصد حاصل کرنے کے بعد 2016 میں اس کی تکمیل ہوگئی۔ اس وقت حالات یہ تھے کہ تحریک طالبان ٹی ٹی پی پاکستان کے ہر ادارے اور ہر شعبے میں سرایت کر چکی تھی۔ قبائلی علاقوں میں اس کا مکمل کنٹرول تھا اور اس نے اپنی نظام شریعت کا نفاذ کیا ہوا تھا۔ فوجی حالت تو کیا پولیس بھی نہیں تھی۔ حکومتی رٹ زیر تھی۔ دہشت گردوں نے اپنے اسلحے کے کارخانے قائم کر رکھے تھے۔ تربیتی کیمپ بھی بنائے ہوئے تھے۔ روزانہ کی بنیاد پر ملک میں دہشت گردی کے حملے معمول بن چکے تھے۔ پاکستان کا کوئی شہر دہشت گردی سے محفوظ نہیں تھا۔ بسوں، ٹرینوں، ہوٹلوں، گھروں پر خودکش حملے کرنے کے ساتھ ساتھ دفاعی تنصیبات کو نشانہ بنایا جاتا تھا۔ جی ایچ کیو، آئی ایس آئی ہیڈ کوارٹر، کامرہ ایئربیس، پشاور، سرگودھا، مہمند، کوئٹہ ایئربیس کے ساتھ مہران نیول ایئربیس پر بھی حملے کیے گئے۔ ان میں بیرونی ہاتھ کے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا گیا۔ کراچی ایئرپورٹ پر خودکش حملہ کیا گیا۔ سکیورٹی اہلکاروں کے بے رحمی سے سر کاٹ کر، فاختہ اور بربریت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان کے سروں کے ساتھ فٹبال کھیلے گئے۔ حکومت نے اس سب کے باوجود طالبان کے ساتھ معاملات بہتر کرنے کے لیے مذاکرات کی کوشش کی مگر ان کی غیر سنجیدگی کے باعث مذاکرات کا آپشن مسترد کر کے آپریشن ضرب عضب لانچ کیا گیا۔ یہ ایک مشکل فیصلہ تھا جو ہر حال کرنا پڑا۔ طالبان کا معاشرے میں ایک خوف تھا لیکن جب آپریشن کا متفقہ فیصلہ کیا گیا تو قوم کی طرف سے خوف کے بت توڑ دیے گئے۔ حکومت نے سارے پارٹیوں کو اس بورڈ کیا تھا۔ آپریشن میں قبائلی علاقوں میں دہشتگردوں کے ٹھکانے تباہ کر دیے گئے۔ اسلحہ ساز فیکٹریوں اور تربیت گاہوں کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ ان علاقوں سے طالبان کا قبضہ ختم کر دیا گیا۔ اکثر طالبان نے راہ فرار اختیار کی اور افغانستان چلے گئے جبکہ کچھ پاکستان کے علاقوں میں جہاں سیف ہیں چھپ گئے۔ ان کی طرف سے موقع بہ موقع دہشت گردی کی کارروائیاں ہوتی رہتی تھیں۔ مگر ان میں پہلے جیسی شدت تھی اور نہ ہی تسلسل تھا۔ آپریشن ضرب عضب میں دہشت گردوں کی کمر ضرور ٹوٹ گئی مگر لاکھوں کے گھر ہونے والے لوگ آج بھی پہلے کی طرح آباد نہیں ہو سکے، انفراسٹرکچر کی بحالی بھی نہ ہو سکی۔ امریکہ کی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں حصہ لینے کے باعث پاکستان بدترین دہشت گردی کا نشانہ بن گیا جس میں پاکستان کو ایک سو بیس ارب ڈالر کا نقصان ہوا۔ امریکہ نے اگر اس نقصان کی تلافی اور ادائیگی کی ہوتی تو انفراسٹرکچر کی تعمیر اور بے گھر ہونے والوں کی بحالی آسانی سے ہو جاتی۔ 2018 کے انتخابات کے نتیجے میں تحریک انصاف کی حکومت معرض وجود میں آئی۔ اس کے بعد مفرور طالبان کو پاکستان آنے کی اجازت دی گئی۔ ان کی طرف سے پاکستان میں حالات خراب کیے جانے لگے۔ افغانستان میں اشرف غنی حکومت کے بعد عبوری اقتدار میں آئے تو امید کی جا رہی تھی کہ پاکستان کے ساتھ تعاون کریں گے مگر وہاں ڈویلپمنٹ کے لیے بھارت کو لانا بھی گیا افغانستان کی سرزمین بدستور پاکستان کے خلاف استعمال ہوتی رہی۔ ادھر ایران کو بھی بھارت پاکستان کے خلاف استعمال کرتا چلا آ رہا تھا۔ اب ایران کی طرف سے چاہ بہار بندرگاہ کا کنٹرول 10 سال کے لیے بھارت کے حوالے کیا گیا ہے۔ جس سے پاکستان میں دہشت گردی کے خدشات مزید بڑھ گئے ہیں۔ پاکستان میں بلوچ علیحدگی پسند دہشت گردی میں ملوث ہیں۔ مذہبی شدت پسند بھی خونریزی سے گریز نہیں کر رہے۔ ان کا سب کا پشت پناہ بھارت ہے جو پاکستان میں مداخلت کے لیے ایران اور افغانستان کی سرزمین استعمال کرنے کے ساتھ ساتھ پاکستان میں قائم کیے گئے سلیپنگ سیل بھی بروئے کار لاتا ہے۔ آج دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے قوم کے اتحاد کی ضرورت ہے۔ اس حوالے سے حکومت آپریشن عزم استحکام لانچ کرنے جا رہی ہے۔ آج حالات 2014 کی طرح خدانہ نہیں ہیں کہ ضرب عضب کی طرز پر آپریشن کیا جائے۔ اس کی وضاحت حکومت کی طرف سے کی جا چکی ہے۔ وزیراعظم نے کابینہ کے اجلاس کے دوران اس پر بات کی ہے وزیر دفاع خواجہ آصف کی طرف سے بھی کہا گیا ہے کہ آپریشن عزم استحکام کی نوعیت آپریشن ضرب عضب یا ردالفساد جیسی نہیں ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیاسی پارٹیوں کے تحفظات دور کیے جائیں گے۔ ضرب عضب سے مقامی باشندوں کو نقل مکانی کی صورت میں بڑی بھاری قیمت چکانا پڑی تھی جس کے ایک بار پھر وہ متحمل نہیں ہو سکتے تاہم عزم استحکام آپریشن وقت کی ضرورت ہے اس پر قومی اتفاق رائے ناگزیر ہے ورنہ دہشت گرد پھر کچھ علاقوں پر مسلط ہو سکتے ہیں۔ کچھ پارٹیاں تحریک انصاف سمیت اس آپریشن کی مخالفت کر رہی ہیں۔ حکومت ان کے تحفظات دور کرنے کی کوشش کرے۔ امید کی جانی چاہیے کہ یہ پارٹیاں پیپلز پارٹی کی طرح تحفظات کے باوجود آپریشن کی حمایت کریں گی۔ آپریشن میں صرف دہشت گردوں اور ان کے ٹھکانوں کو ٹارگٹ کیا جائے تو متعلقہ علاقوں کے شہریوں کو کوئی پریشانی لاحق نہیں ہوگی۔ صدر زرداری کے اس مشورے کو بھی پیش نظر رکھا جائے کہ ہتھیار ڈالنے والے بلوچ قوم پرستوں کو قومی دھارے میں لانے کی کوشش کی جائے۔ ملک میں سیاسی اور اقتصادی استحکام کے لیے دہشت گردی کا مکمل تدارک بہرحال ہماری ضرورت ہے۔

سوشل میڈیا کی پھیلائی "باخبری"

خاص مضمون

نصرت جاوید

سوشل میڈیا کا سرسری مشاہدہ آپ کو اس گمان میں مبتلا کر دیتا ہے کہ دورِ حاضر کے انسان "باخبر" ہی نہیں بلکہ دنیا کو درپیش مسائل کے بارے میں بے حد فکرمند بھی ہیں۔ مقامی اور عالمی مسائل کبھی ٹویٹر اور اب ایکس کہلاتے پلیٹ فارم اور یوٹیوب چینلوں کی بدولت مسلسل اجاگر ہو رہے ہیں۔ ایسی "باخبری" کی مجھے ہوش سنبھالتے ہی شدید خواہش لاحق ہو گئی تھی۔ سوال مگر اب یہ اٹھانا شروع ہو گیا ہوں کہ سوشل میڈیا نے جو "شعور" پھیلایا ہے وہ انسانوں کو چند بنیادی اصولوں کے حوالے سے یکجا کرنے میں کامیاب ہو رہا ہے یا نہیں۔ مذکورہ سوال کا جواب ہمیشہ نفی میں ملا جو یہ جتانا کہ انسان "بے خبر" ہی رہنا۔

بنیادی اصولوں کی بات چلی ہے تو یاد آیا کہ روس فروری 2022ء میں یوکرین پر حملہ آور ہوا تھا۔ اس کی دانست میں یوکرین عظیم تر روس کا جزو لاینفک ہے۔ روس مخالف قوتوں نے مذکورہ ملک میں "خودمختاری" کی آگ بھڑکائی۔ سوویت یونین کی شکست و ریخت کے بعد وہ آزاد ریاست بن گیا تب بھی امریکہ اور اس کے اتحادی وہاں کی اشرافیہ کو نیٹو میں شمولیت کو راغب کرنا شروع ہو گئے تاکہ یورپ میں نیٹو کی بڑی حفاظت رہے۔ روس کو اس کی اوقات تک محدود رکھا جا سکے۔ روس کے صدر نے اپنے دل و دماغ میں جمع ہو رہے خدشات کی بنیاد پر یوکرین کو امریکہ اور اس کے اتحادیوں کی پراکسی بننے سے روکنے کے لئے اس ملک پر جنگ مسلط کر دی۔

مجموعی طور پر دنیا بھر کے صحافیوں اور تبصرہ نگاروں کی بے پناہ اکثریت کا یہ خیال تھا کہ تیل و گیس کی دولت سے مالا مال اور رقبے کے اعتبار سے دنیا کا سب سے بڑا ملک ہوتے ہوئے روس یوکرین پر حملہ آور ہونے کے دو یا تین ہفتوں بعد سرعت سے وہاں کے دارالحکومت کیف جیت جائے گا۔ یوکرین کو "مادر وطن" کی آغوش میں واپس لے آنے کے بعد وہاں ایک کٹھ پتلی حکومت قائم کر دی جائے گی اور بعد ازاں روسی کم از کم روس کے لئے چین ہی چین لکھے گا۔ ابتدا ہوا نہیں۔ یوکرین مزاحمت کو ڈٹ گیا۔ مریکہ اور اس کے اتحادیوں نے جدید ترین اسلحہ اور بھاری بھرکم رقوم کی فراہمی کے ذریعے مزاحمت کو توانا تر بنایا۔ روس اور یوکرین میں جنگ لہٰذا دستور جاری ہے۔ اس کے نتیجے میں قیامت خیز تباہی اور ستمگروں انسانوں اور گھرانوں کے زیاں اور تباہی کے مناظر بھرمار کی صورت دنیا بھر کے اخباروں اور ٹی وی سکرینوں پر رونما ہو رہے ہیں۔ "عالمی ضمیر" نامی شے مگر متحرک ہونے کا نام نہیں لے رہی۔ ایسا کوئی غیر جانبدار عالمی ادارہ بھی موجود نہیں جو براہ راست مداخلت کے ذریعے روس اور یوکرین کو مذاکرات کی میز پر بٹھانے کو مجبور کر سکے۔

روس اور یوکرین کے مابین جنگ کی بدولت پاکستان سمیت دنیا کے غریب اور پسماندہ ممالک کیلئے تیل اور گیس کی قیمت ناقابل برداشت ہو چکی ہے۔ رب کا صد شکر کہ پاکستان اپنی ضرورت سے کہیں زیادہ گندم پیدا کرنے کے قابل ہو چکا ہے۔ ہم اس قابل نہ ہوتے تو روٹی کی قیمت بھی آسمان کو چھو رہی ہوتی۔ ذرا سوچیں تو روس اور یوکرین کے مابین جنگ نے دنیا کے غریب اور پسماندہ ممالک کے بے شمار افراد کی زندگیاں اجیرن بنا دی ہیں۔ وہ کوئی ایسا اجتماعی فورم تشکیل دینے کے قابل ہی نہیں رہے کہ روس۔ یوکرین جنگ کی بدولت نازل ہوئی مشکلات کی رہائی پا سکے۔ امن کی فریاد کرتے ہوئے موثر انداز میں فریقین پر کسی قوی کا اخلاقی دباؤ بڑھا سکیں۔

روس اور یوکرین کے مابین وحشت خیز جنگ جاری تھی کہ "گزشتہ برس کے اکتوبر سے حماس اور اسرائیل ایک دوسرے کو صفحۂ ہستی سے مٹانے میں مصروف ہو گئے۔ غزہ کی پٹی میں محصور ہوئے ہزاروں فلسطینی اسرائیل کی یک طرفہ بمباری اور فوج کشی کی وجہ سے مکمل اس قطعے کے باسی ہونے کے جرم میں مارے گئے ہیں۔ معصوم بچوں کی ایک ریکارڈ تعداد نہ صرف بمباری بلکہ غزہ کے محاصرے کے سبب بھوک اور متعدد بیماریوں کی وجہ سے مردہ ہے۔ دوسری عالمی جنگ کے بعد شاید ہی کسی ملک میں انسانی بے بسی کے ایسے مناظر دیکھنے کو ملے ہوں جو اب روس اور یوکرین کے مابین جنگ کے بدولت دنیا کو دیکھنے کو ملے ہیں۔ یوکرین کے غریب اور پسماندہ ممالک کیلئے تیل اور گیس کی قیمت ناقابل برداشت ہو چکی ہے۔ رب کا صد شکر کہ پاکستان اپنی ضرورت سے کہیں زیادہ گندم پیدا کرنے کے قابل ہو چکا ہے۔ ہم اس قابل نہ ہوتے تو روٹی کی قیمت بھی آسمان کو چھو رہی ہوتی۔ ذرا سوچیں تو روس اور یوکرین کے مابین جنگ نے دنیا کے غریب اور پسماندہ ممالک کے بے شمار افراد کی زندگیاں اجیرن بنا دی ہیں۔ وہ کوئی ایسا اجتماعی فورم تشکیل دینے کے قابل ہی نہیں رہے کہ روس۔ یوکرین جنگ کی بدولت نازل ہوئی مشکلات کی رہائی پا سکے۔ امن کی فریاد کرتے ہوئے موثر انداز میں فریقین پر کسی قوی کا اخلاقی دباؤ بڑھا سکیں۔

روس اور یوکرین کے مابین وحشت خیز جنگ جاری تھی کہ "گزشتہ برس کے اکتوبر سے حماس اور اسرائیل ایک دوسرے کو صفحۂ ہستی سے مٹانے میں مصروف ہو گئے۔ غزہ کی پٹی میں محصور ہوئے ہزاروں فلسطینی اسرائیل کی یک طرفہ بمباری اور فوج کشی کی وجہ سے مکمل اس قطعے کے باسی ہونے کے جرم میں مارے گئے ہیں۔ معصوم بچوں کی ایک ریکارڈ تعداد نہ صرف بمباری بلکہ غزہ کے محاصرے کے سبب بھوک اور متعدد بیماریوں کی وجہ سے مردہ ہے۔ دوسری عالمی جنگ کے بعد شاید ہی کسی ملک میں انسانی بے بسی کے ایسے مناظر دیکھنے کو ملے ہوں

"فائلر اور نان فائلر" کا اصطلاحی مفہوم

طاہر جمیل نورانی

ن سال برائے 2024-25ء کے وفاقی بجٹ میں اتحادی حکومت کی جانب سے عوام پر لگائے گئے بھاری ٹیکسوں کا رونا دھونا ابھی جاری تھا کہ اگلے روز نان فائلر اور فائلر سارٹیفکیٹ کی ایک نئی نمرا بحث کا آغاز ہو چکا ہے۔ ہر شہری اپنی سوچ اور سمجھ کے مطابق بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہا ہے مگر انگریزی کے ان دونوں الفاظ کے اصطلاحی مفہوم سے نا آشنا ہے۔ اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں کہ جس طرح انگریز کے دیے بھوری رول ماڈل کو ہم گزشتہ 78 برس سے سمجھ نہیں پائے اسی طرح مالی نظام جس میں "فائلر اور نان فائلر" کی اصطلاحیں موجود ہیں مگر ہماری حکومتیں نا جانے عوام میں اسکی ہیبت اجاگر کرنے میں کامیاب نہیں ہو پائیں۔ دنیا کے ہر ترقی یافتہ ملک میں ادائیگی ٹیکس کا منظم نظام بڑا شہد موجود ہے۔ برطانیہ جیسی فلاحی ریاست میں جاری اس نظام سے دنیا کے متعدد ترقی پذیر ممالک فائدہ اٹھا رہے ہیں اور بیشتر غیر ترقی یافتہ ممالک کیلئے اس برطانوی فلاحی نظام کی روشنی میں وہ اپنی حیثیتیں مضبوط کرنے کی پالیسیاں مرتب کر رہے ہیں اور ایک ہم ہیں کہ ایٹمی قوت ہونے کے باوجود اپنے اسلامی طرز معاشرت اور ٹیکس نظام کو ابھی تک اسلامی اصولوں کے مطابق متعارف نہیں کروا سکے۔ اسے قومی المیہ کہہ لیں کہ ہمارے ہاں آج بھی ٹیکس لینے اور ٹیکس دینے کا وہ واضح طریقہ موجود نہیں جس سے عوام کو انکی آمدنی اور خرچ کے حساب سے ٹیکس ادا کرنے میں آسانی ہو۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں ادائیگی ٹیکس کا تصور زیادہ امیر اور قہر میرا خریب مزدور اور غریب ترین دیہاڑی دار سے گزر کر مڈل کلاس افراد کی سفید پوشی پر آکر ختم ہو جاتا ہے اور یہی وہ بنیادی رکاوٹ ہے جہاں تمام تنخواہ دار اور دیہاڑی دار طبقہ حکومت کو ٹیکس ادا نہ کرنا اپنا حق تصور کر رہا ہے۔ دکھ تو اس بات کا ہے کہ عدم جمہوریت، عدم سیاسی استحکام اور عدم معاشی اور اقتصادی حالات قوم کو آج اس مقام پر لے آئے ہیں جہاں آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کی مشروط مالی شرائط کے بغیر ملک چلانا ایک تصویر مسئلہ بن چکا ہے۔ میں ماہر معاشیات اور نہ ماہر اقتصادیات ہوں مگر یہ ضرور جانتا ہوں کہ مہذب دنیا میں ٹیکسوں کے بغیر کوئی ریاست چلانا ممکن نہیں۔ دنیا کے ہر ملک کو مالی طور پر مستحکم کرنے اور وہاں کے عوام کا معیار زندگی بلند کرنے کے لئے مضبوط اور آسان ترین ٹیکس نظام متعارف کروانا وقت کی اہم ضرورت ہوتا ہے مگر افسوس! اسلام کے نام پر حاصل کی جانے والی ریاست پاکستان میں بڑے بڑے صنعت کار، بڑے بڑے بزنس مین اور سرکاری اعلیٰ گریڈوں پر فائز بعض افسران سرکار کی دی مراعات سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے باوجود حکومت کو ٹیکس نہ دینا، ٹیکس چھپانا اور پھر ٹیکس کے حوالے سے دروغ گوئی کا سہارا لینا اپنا بنیادی حق تصور کرتے ہیں جبکہ کم آمدنی والے مزدور دیہاڑی دار اور سفید پوش طبقے پر ٹیکس ادا کرنے کیلئے زیادہ دباؤ ڈالا جاتا ہے۔

معاملہ چونکہ بجٹ کا ہے اس لئے ہر صوبے کی پہلی کوشش اب یہ ہوگی کہ انکے عوام اور انکے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کیلئے مرکز سے زیادہ سے زیادہ فنڈز دستیاب ہوں تاکہ اقتصادی اور ٹیکس اصلی زیادہ سے زیادہ اپنے علاقائی منصوبے پورے کر سکیں۔ اس سلسلہ میں حکومت پنجاب کا اگر ذکر کیا جائے تو ٹیکس فری اور سرپلس بجٹ میں گریڈ ایک سے 16 تک کے ملازمین کی تنخواہوں میں 25 فیصد اور گریڈ 17 سے 22 تک کے ملازمین کیلئے 20 فیصد اضافہ رکھا گیا ہے۔ اسی طرح پنشن میں 15 فیصد اضافہ اور مزدور کی کم از کم اجرت 37 ہزار روپے ماہانہ مقرر کی گئی ہے۔ پنجاب کا یہ مجموعی بجٹ 446 ارب روپے ہوگا جس میں ترقیاتی سکیموں کیلئے 842 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ 150 لاکھ روپے تک کی رہائشی جائیداد کو بھی ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔ بجٹ میں بجلی پنجاب کی محرومیوں کے ازالہ کیلئے 80 ارب روپے سے زائد منصوبوں کا اعلان کیا گیا ہے۔ بجٹ میں صحابیوں کے ہیلتھ پروگرام کیلئے بھی ایک ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ بجٹ میں آسان کیسے ترین ٹیکسز کا مرکز تصور کرنے والوں کیلئے آسان قرضوں سمیت حسنہ حال سڑکوں، شاہراہوں کی مرمت سمیت 2 ارب روپے کی لاگت سے انڈر گریجویٹ سکالرشپ پروگرام کا اعلان بھی کیا گیا ہے۔ مگر پنشن کے حوالے سے حکومت پنجاب نے بعض سینئر سٹیزن پنشنروں کیلئے میڈیا طور پر اس فنڈ کا اجرا نہیں کیا جو انکی ضرورت تھی۔ دیگر صوبوں میں بجٹ کی نوعیت کیا ہوگی؟ وفاق انہیں انکے مطلوبہ فنڈز مہیا کر پائے گا؟ ایسا سوال ہے جس کیلئے وفاقی حکومت کو ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کرنے ہونگے۔

اب جہاں تک فائلر اور نان فائلر کے مفہوم کو آسان ترین طریقے سے سمجھنے کا معاملہ ہے تو سچ یہ ہے کہ میں خود بھی ان دونوں انگریزی لفظوں کے باوجود سر کھپانے اور اپنے ایک ماہر اقتصادیات گورے دوست کی بتائی گئی چوری تھیوری کے باوجود سمجھ نہیں پا رہا۔ اس بارے میں اپنے ہی شہر کے بہت زیادہ پڑھے لکھے دوست ناصر سے جو ماہر معاشیات اور چارٹرڈ اکاؤنٹنسی کے تمام تر قانونی عوامل پر پوری دسترس بھی رکھتے ہیں، اگلے روز پوچھا تو انہوں نے بھی وہی کچھ بتایا جو حکومت کی فائنل بک میں ٹیکس دہندگان اور نادہندگان کیلئے درج ہے۔ تب مجھے احساس ہوا کہ جس طرح میڈیا طور پر اسلام آباد کراچی اور لاہور ایئرپورٹس کو لفظ آئیکن سے کئی شعبے میں دیا جا رہا ہے، لفظ اگر Lease بھی استعمال کر لیا جائے تو دونوں انگریزی الفاظ کا مفہوم ایک ہی ہے۔ "پٹہ" پر دینا یا طویل ٹھیکہ کہہ لیں۔ عوام کیلئے تو آسان زبان ہونی چاہیے۔ اس سلسلہ میں اپنے ایک غیر دوست فیض سبحانی سے جانو چاہا تو ان کا کہنا تھا کہ Remittance کے حوالہ سے اپنے اوورسیز پاکستانیوں کی خدمت کرتے ہوئے اس لئے بھی فخر محسوس ہوتا ہے کہ اپنے وطن عزیز کو بھی اپنی آمدن پر ٹیکس ادا کرنے میں وہ قطعی جھجک محسوس نہیں کرتے اور سادہ ترین الفاظ میں یہی دو عمل ہے جسے "فائلر" اور اس عمل سے عاری شہری کو "نان فائلر" کہتے ہیں۔

نریندر مودی کی نام نہاد جمہوریت بے نقاب!!!!

محمد اکرم چوہدری

بھارت کا دعویٰ تو یہی ہے کہ وہ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہے لیکن اقلیتوں میں مختلف حکومتوں میں یہ بات واضح رہی ہے کہ وہاں رنگ، نسل اور بالخصوص مذہب کو بنیاد بنا کر انسانوں سے مختلف برتاؤ کیا جاتا ہے۔ بالخصوص مسلمانوں اور سکھوں کو بہت نشانہ بنایا جاتا ہے۔ دلیے تو نچلی ذات کے ہندوؤں کی زندگی بھی بہت مشکل ہے، جیسا یوں کو بھی دینی آزادی حاصل نہیں ہے ہوا نچلی ذات کے ہندوؤں کو حاصل ہے۔ دنیا کے مختلف ممالک میں بسنے والے سکھوں پر قاتلانہ حملے ہوتے ہیں اور ان حملوں کے پیچھے بھارتی حکومت نظر آتی ہے۔ کینیڈا میں تو سکھ رہنما کو قتل بھی کر دیا، امریکہ میں بسنے والے سکھ رہنماؤں کو نشانہ بنانے کی کوششیں ہوتی رہتی ہیں۔ چونکہ دنیا کے بڑے ممالک بھارت کے ساتھ تجارتی تعلقات خراب نہیں کرنا چاہتے، ایک بڑی مارکیٹ ان کی نظروں میں رہتی ہے، لگ بھگ سوا ارب لوگوں کا ملک ہے تو مخالفت جاننے کے باوجود دنیا کے طاقتور ممالک بھارت میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر آنکھیں بند کیے رکھتے ہیں۔ امریکہ کو پاکستان میں ہونے والے سازشی واقعات پر بھی بلوچی انسانی حقوق کا درد اٹھتا ہے لیکن بھارت، مقبوضہ کشمیر اور فلسطین میں شہید ہونے والے مسلمانوں کے حوالے سے امریکہ کو بھی تکلیف نہیں پہنچتی۔ وہ یہاں مسلمانوں پر ہونے والے مظالم کو روکنے کے بجائے ظلم کرنے والے ممالک کا ساتھ دیتا ہے۔ کیا مقبوضہ کشمیر، فلسطین اور بھارت میں انسانوں پر ہونے والے ظلم کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ پاکستان میں بدامنی پھیلائی جاتی ہے، سرحدی خلاف ورزی ہوتی ہے۔ بھارت وسائل کا بے دریغ استعمال کرتا ہے، ہمارے بچوں کو اپنی فوج کے حوالے کر دیا یہ نہیں جانتی کہ عالمی امن کے لیے پاکستان نے کتنی قربانیاں دی ہیں۔ قوام عالم کے لیے پاکستان کی کیا خدمات ہیں۔ بھارت عالمی امن کا دشمن ہے وہاں بنیادی انسانی حقوق کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ بھارت کے متعصب وزیراعظم نریندر مودی کے خلاف بھارتی صحافیوں کے بعد اب غیر ملکی صحافی بھی متعصب مودی حکومت کے نشانے پر آ گئے ہیں۔ حساس موضوعات اور آزادی حق پر بات کرنے والے صحافی نریندر مودی حکومت کے نشانے پر ہیں۔ بھارتی حکومت نے فرانسیسی صحافی سیمین فارس کے ورک پرمٹ منسوخ کر دیے کر ملک سے نکل جانے پر مجبور کر دیا۔ بھارتی حکومت غیر ملکی صحافیوں پر دباؤ ڈالنے کیلئے ہر ناجائز حربہ استعمال کر رہی ہے۔ فرانسیسی صحافی سیمین فارس نے بھارت میں تیرہ سال گزارے ہیں۔ اس کے باوجود بھارت نے انکے ورک پرمٹ دینے سے انکار کیا۔ فرانسیسی صحافی کہتے ہیں کہ مجھے بھارت میں صحافتی ذمہ داریاں ادا کرنے کی مزید اجازت نہیں دی گئی صحافت پر لگنے والی اس پابندی سے مجھے بہت بڑا جھٹکا لگا ہے "بھارت کے عام انتخابات کی کوریج کرنے سے بھی مجھے روکا گیا بارہا پوچھنے جانے پر بھی ورک پرمٹ جاری نہ کرنے کی وجہ نہیں بتائی گئی، معاوضہ دیے بغیر ہی مجھے اور میرے خاندان کو بھارت سے نکال دیا گیا۔ کینیڈا کو پریشان جرنلسٹس نے بھارت میں فرانسیسی صحافی کو ورک پرمٹ نہ دینے پر کڑی تنقید کا نشانہ بنایا۔ اس سے قبل رواں سال جنوری میں ایک فرانسیسی صحافی دمینیک ڈولان کو بھی ملک بدر کرنے کی دھمکی دے کر بھارت میں کام کرنے کے حق سے محروم رکھا گیا تھا۔ اپریل 2024 میں آسٹریلوی صحافی آونی ڈیاں کو بھی ویزہ نہ دینے کی آڑ میں بھارت سے بے دخل کیا جا چکا ہے۔ پہلے ہی بھارت عالمی پریس فریڈم انڈیکس میں 180 ممالک کے نمبر سے گر کر 159 ویں نمبر پر آ چکا ہے۔ بھارت میں آزادی صحافت خطرات اور حملوں کی زد میں ہے جس پر عالمی میڈیا مجرمانہ خاموشی اختیار کیے ہوئے ہے۔

بھارت کی نام نہاد جمہوریت کا ایک چہرہ یہ بھی ہے جس بارے سب جانتے ہیں لیکن بات نہیں کی جاتی۔ بھارت کی سیاست میں مسلمان قیادت نریندر مودی کی مسلم دشمن پالیسیوں پر آواز بلند کرتی رہتی ہے۔ بھارت میں مسلمانوں کی ایک توانا آواز اسدالدین اویسی ہیں انہوں لوک سبھا میں حلف اٹھاتے ہوئے نا صرف بھارت میں بی جے پی کے متعصب رویے کے خلاف آواز بلند کی بلکہ وہاں انہوں نے فلسطین کے مظلوموں کا مقدمہ بھی دنیا کے سامنے رکھا ہے۔ ریاست تلنگانہ سے منتخب ہونے والے اسدالدین اویسی نے لوک سبھا کی رکنیت کا حلف اٹھاتے ہوئے "فلسطین اور اللہ اکبر" کے نعرے لگائے۔ اسدالدین اویسی جب اپنی نشست سے اٹھ کر جانب بڑھنے لگے تو ایوان میں "جے شری رام" کے نعرے لگائے گئے۔ لوک سبھا کے رکن بھارتی مسلمانوں کے حقوق کی توانا آواز اسدالدین اویسی نے اردو میں حلف پڑھا اور آخر میں "جے بھیم، جے میم، جے تلنگانہ، جے فلسطین، تکبیر اللہ اکبر" کہا۔

"جے بھیم، جے میم" کا نعرہ ان سیاسی جماعتوں کی جانب سے لگایا جاتا ہے جو سمجھتی ہیں کہ بھارت میں دلتوں اور مسلمانوں کو دیوار سے لگایا جا رہا ہے۔

اسدالدین اویسی کو ان کی جانب جو تاثر دیکھ کر جے شری رام کے نعرے لگانے والے متعصب بی جے پی حکمران اتحاد نے اسدالدین اویسی کو سخت الفاظ میں تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ کئی اراکین نے ان نعروں کو خلاف آئین بھی قرار دیا ہے۔ تاہم اسدالدین اویسی نے ان کے نعروں کس خلاف آئین قرار دینے والوں سے آئین کی شق بتانے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ واضح رہے لوک سبھا کے سپیکر نے اسدالدین اویسی کی جانب سے لگائے جانے والے نعروں کو ایوان کی کارروائی سے حذف کروا دیا گیا۔

دوسری طرف لوک سبھا میں دس سال سے خالی اپوزیشن لیڈر کا عہدہ راہول گاندھی کو مل گیا ہے۔ بھارتی پارلیمنٹ میں کانگریس رہنما راہول گاندھی کو اپوزیشن کا پارلیمانی لیڈر مقرر کر دیا گیا ہے۔

راہول گاندھی پارلیمنٹ میں بھارتی عوام کی مضبوط آواز ہوں گے اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ حکومت ہر وقت جوابدہ رہے۔ بھارت میں اپوزیشن لیڈر کو کابینہ کے رکن کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اپوزیشن لیڈر چیف الیکشن کمشنر، الیکشن کمشنرز اور سی بی آئی ڈائریکٹر کو منتخب کرنے والے پینل میں بھی شامل ہوتا ہے۔ یاد رہے کہ بھارت میں اپوزیشن لیڈر کو کابینہ کے رکن کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اپوزیشن لیڈر چیف الیکشن کمشنر، الیکشن کمشنرز اور سی بی آئی ڈائریکٹر کو منتخب کرنے والے پینل میں بھی شامل ہوتا ہے۔

آخر میں احمد فراز کا کلام

آنکھوں کو زخم دل کو گریباں کیے ہوئے
ہیں پر وہ اب تک تیرے احساں کیے ہوئے
ہر بار تیرے نام کو محتاط کیے ہوئے
تجدید عشق کیا ہو کہ برسوں گزر گئے
تجھ سے کوئی سخن بھی میری جاں کیے ہوئے
اب تجھ سے یا گلہ ہو کہ اک عمر زندگی
ہم کو بھی تیرے کوچہ جاناں کیے ہوئے
دل سے ہوئی ہے پھر ترے بارے میں گفتگو
تر آنسوؤں سے دیدۂ ویراں کیے ہوئے
تی... دشمن ہے کہ ہم بھی بھلا سکیں
تیری طرح سے وعدۂ پیماں کیے ہوئے
ہم وہ کہ تیرے کشمر میں تصویر کر دیا
صورت گران شہر کو حیراں کیے ہوئے
اے عشق ہم سے اور بھی ہوں گے زمانے میں
اچھے بھلے گھروں کو بیاباں کیے ہوئے
کچھ مرا دوا ہیں کہ پھرتے ہیں کوئے
دل کو کسی فقیر کا داماں کیے ہوئے
بازار سر رقص و خریدار کم نظر
ہم خود تھے اپنے آپ کو ارزاں کیے ہوئے
وعدہ نہ تھا اس نے کسی شام کا کبھی
ہم آج تک ہیں گھر میں چراغاں کیے ہوئے

سی پیک پر سیاسی جماعتوں کا اتفاق رائے خوش آئند

رحمت خان وردگ

سی پیک پر تیسرے پاک چین مشترکہ کمیٹی کے اجلاس میں قوم سیاسی جماعتوں اور اپوزیشن کی نمایاں شخصیت کی شرکت اور منصوبے پر متفقہ قومی اتفاق رائے کا واضح اعلان انتہائی خوش آئند ہے۔ اب سی پیک فیز 2 شروع ہونے جا رہا ہے۔ اس اہم موقع پر چینی وزیر لیو جین چاؤ نے پاکستان کا دورہ کیا اور اعلیٰ شخصیات سے ملاقاتوں کے ساتھ ساتھ پارلیمنٹیرینز سے بھی خطاب کیا۔ چینی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کے کامیاب دورہ چین کے دوران دستخط کیے گئے معاہدوں نے دونوں ممالک کو مطلوبہ جہتیں لانے کیلئے اپنے تعلقات کو اپ گریڈ کرنے کا موقع فراہم کیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی قیادت کے عزم نے دنیا کو واضح پیغام دیا ہے کہ چین پاکستان دوستی اٹوٹ ہے۔ چینی وزیر نے کہا کہ پاکستان کی حکومت نے پانچ اہم شعبوں پر توجہ مرکوز کرنے کیلئے "فائیو ایز" متعارف کرایا جو مشترکہ منزل کی کیمونٹی کو فروغ دینے کیلئے دونوں

بقیہ 1

کی نجکاری کی بات کی جارہی ہے، انکم ٹیکس آرڈیننس میں بھی یہ لوگ ترامیم کرنا چاہ رہے ہیں۔

بقیہ 2

پارٹی اُمیدوار سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک دوسرے پر الزامات کی بوچھاڑ کردی ۔ مباحثے میں امریکی معیشت اور یوکرین جنگ سمیت دیگر موضوعات پر بات چیت کی گئی ۔ صدارتی مباحثے کے آغاز پر جو بائیڈن نے کہا کہ جب میں نے صدارت سنبھالی تو معیشت بہت خراب تھی، میں اس بات کو یقینی بناؤں گا کہ ملازمتوں میں اضافہ ہو، گھروں کی خریداری آسان ہوسکے۔ بائیڈن نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ٹرمپ امریکی تاریخ کے واحد صدر تھے جن کے دور میں ملازمتوں میں کمی ہوئی، ٹرمپ کے ٹیکس چھوٹ سے صرف امیروں کو فائدہ پہنچا ہے۔ صدر بائیڈن کا کہنا تھا کہ غزہ میں جنگ بندی کے ہمارے منصوبے کو عالمی حمایت حاصل ہے، ٹرمپ وہ شخص ہے جو نیٹو سے نکلنا چاہتا ہے، یہ بارہا ہوا مایوس انسان ہے سابق صدر ٹرمپ نے کہا کہ میرے دور میں معیشت کی جو حالت تھی اُس کی دنیا نے تعریف کی، ہم نے جس طرح کووڈ کو سنبھالا ہمیں اُس کا کریڈٹ نہیں دیا گیا۔ ٹرمپ کا ایک سوال کے جواب میں کہنا تھا کہ امریکا آنے والے ہزاروں تارکین وطن سے سوشل سیکورٹی کا نظام برباد ہوجائے گا۔ ٹرمپ نے کہا کہ جو بائیڈن کی ملٹری پالیسیاں احمقانہ ہیں، میں بھی افغانستان سے انخلا، کر رہا تھا، لیکن جس طرح بائیڈن نے کیا وہ امریکی تاریخ کا شرمندہ ترین واقعہ تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ کمپنیوں اور امیروں کو ٹیکس چھوٹ دینے سے مزید نوکریاں پیدا ہوں گی، اور اس کا فائدہ چلے طبقے تک جائے گا۔ سابق امریکی صدر نے کہا کہ بائیڈن کے زیر صدارت امریکا کو دنیا میں کوئی سنجیدگی سے نہیں لیتا، ہم تیسری دنیا کا ملک بن گئے ہیں، بائیڈن صدر منتخب ہوئے تو امریکا نہیں بچے گا۔ سابق امریکی صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ اگر آج امریکا میں ایسا صدر ہوتا جس کی دنیا میں عزت ہوتی، تو روسی صدر پیوٹن کبھی یوکرین پر حملہ نہ کرتا۔ انہوں نے کہا کہ اگر میں صدر ہوتا تو حماس کبھی بھی اسرائیل پر حملہ نہ کرتی۔ جنوری 6 کی ہنگامہ آرائی کے سوال پر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ اُس دن امریکا سب سے محفوظ تھا، امریکا کی دنیا میں عزت تھی۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ 6 جنوری میں نے پینٹیگن پیلوسی کو 10 ہزار گارڈز کی پیشکش کی تھی، انہوں نے منع کردیا تھا، نینسی پیلوسی 6 جنوری کی ہنگامہ آرائی کی ذمہ داری قبول چکی ہیں، تو میں کیسے ذمہ دار ہوگیا، ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ 6 جنوری کے مجرموں کی سزائیں ختم کردیں گے۔ سابق صدر کا کہنا تھا کہ ڈیموکریٹس نے 6 جنوری کے حوالے سے تمام معلومات ضائع کردیں، اس لیے مجھ پر الزام لگا، بائیڈن کے اپنے بیٹے کو سزا ہوچکی ہے، کل کو بائیڈن کو سزا ہوسکتی ہے۔ امریکی صدر بائیڈن نے جواب میں کہا کہ میرے سامنے اس وقت واحد مجرم ٹرمپ ہے جسے عدالت سے سزا ہوچکی ہے، ٹرمپ کو ووٹ امریکی جمہوریت کے خلاف ووٹ ہوگا۔ انہوں نے سوال کیا کہ کیا وجہ ہے کہ ٹرمپ کے ٹاپ 44 سابقہ ساتھیوں نے اس مرتبہ اُن کی حمایت نہیں کی؟ مباحثے میں دونوں نے دوسری، دوسری مرتبہ امریکی صدر بننے کے لیے اپنی اپنی پالیسیاں اور ترجیحات بیان کیں۔ یاد رہے کہ صدارتی مباحثے میں نئے قواعد کے تحت پہلی بار حاضرین کو شرکت کی دعوت نہیں دی گئی۔

بقیہ 3

کہا کہ پاکستان ایک خودمختار ریاست ہے، امریکی ایوان نمائندگان میں قرارداد پاکستان کے معاملات میں مداخلت ہے جو قابل قبول نہیں ہے، ترجمان نے مزید کہا کہ بدقسمتی سے امریکی کانگریس نے زمینی حقائق کو جانے بغیر قرارداد منظور کی، امریکا سے ہمارے بہترین دوطرفہ تعلقات ہیں، ایک دوسرے کے اندرونی معاملات میں دخل نہ دینے کی پالیسی پر کاربند رہا جائے تو تعلقات بہتر رہتے ہیں، امریکی کانگریس کو پاک امریکا تعلقات کی مضبوطی کے لیے کام کرنا چاہیے۔ امریکی ایوان نمائندگان کی طرف سے قرارداد پاکستان کے داخلی امور میں غیر ضروری مداخلت ہے، پاکستان امریکا کے ساتھ تعلقات باہمی اعتماد اور ایک دوسرے کے اندرونی معاملات میں عدم مداخلت کے اصولوں پر رکھنا چاہتا ہے، دفتر خارجہ کی ترجمان نے کہا کہ پاکستان غزہ سے اسرائیلی فورسز کی فوری واپسی کا مطالبہ کرتا ہے، فلسطین پر اقوام متحدہ کی انکوائری رپورٹ میں نہتے فلسطینوں کے قتل کے حوالے سے حیران کن انکشافات کیے گئے ہیں۔ وقت ہے کہ غزہ میں ہونے والے مظالم کو روکا جائے

بقیہ 4

کی پیش کی، اپوزیشن ایوان میں بدتمیزی کرتی ہے، گالیاں دی جاتی ہیں، ہم نے فیصلہ کیا ہے جیسے اپوزیشن کرے گی، ویسا رویہ حکومت اختیار کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم حکومت ہیں ہمیں فائر فائٹنگ کرنی ہے، گالی، غنڈا گردی، بدتمیزی کرکے ان کو لگتا ہے ہمیں دبالیں گے، ہم انتظار کریں گے سپیکر صاحب کیا فیصلہ فرماتے ہیں، ہم نے سوچ لیا ہے، اپوزیشن جیسا کرے گی ویسا ہی موصول کرے گی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ انہوں نے وطیرہ بنالیا ہے، بجٹ پر تقریر کرتے ہوئے ہماری لیڈر کے بارے میں گندی زبان استعمال کرتے ہیں، ہم 4 ماہ سے سرپیچ کرکے گالیاں سن رہے ہیں، ان کو اپنی ماؤں اور بہنوں کا تو لحاظ ہے نہیں، انہوں نے مریم نواز کی پہلی تقریر میں بھی گندی زبان استعمال کی، حکومتی ارکان ایوان میں کسی کی تقریر نہیں سنیں گے، ہم بھی اپوزیشن میں رہے، ایسی بدتمیزی کبھی نہیں کی ۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ افسوس ہوتا ہے، پی ٹی آئی کیوں پنجاب کی ترقی سے جلتی ہے، پی ٹی آئی کو عثمان بزدار جیسا نوٹ بوٹ پسند ہے، عثمان بزدار کی کارکردگی کچھ نہیں تھی اس لیے خالی کا غذ دیا گیا، ہم نے دن ساٹھ ڈگالیاں کھائیں ہیں یہ مریم کے پاپا کے بارے میں بات کرتے ہیں، اب لیڈرین کے پاپا کے بارے میں تو بات ہوگی۔

بقیہ 5

قریب ریسکیو کرلیا گیا ہے، پریمر میری ٹائم اتھارٹی نے بتایا کہ پہلی کشتی ڈاکرک کے قریب گریولائنز کے علاقے سے روانہ ہوئی تھی اور سمندر میں چند گھنٹوں کے سفر کے بعد ہی مدد طلب کرلی گئی تھی، ریسکیو اہلکاروں نے 77 افراد کو بحفاظت کیلس پہنچا دیا ہے، دوسری کشتی میں 76 تارکین وطن سوار تھے، جنہیں سمندر کی موجوں سے بچا کر فرانسیسی بندرگاہ ہولوگن سر میر لایا گیا، چینل عبور کرنے کی کوششیں ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہیں جب برطانیہ میں سیاسی جماعتیں 4 جولائی کو عام انتخابات کے لیے مہم چلا رہی ہیں جس میں امیگریشن ایک اہم مسئلہ ہے۔ برطانوی حکومت کا کہنا ہے کہ رواں ماہ کے اوائل میں 880 سے زائد غیر قانونی تارکین وطن چھوٹی کشتیوں کے ذریعے چینل عبور کرکے برطانیہ پہنچے تھے جو اس سال اب تک ایک دن میں سب سے زیادہ تعداد ہے، برطانوی ہوم آفس کا کہنا ہے کہ رواں سال اب تک 12 ہزار 313 افراد نے غیر قانونی طور پر برطانیہ میں داخل ہوئے جو گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 18 فیصد زیادہ ہے، سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اس سال اب تک کم از کم 15 تارکین وطن چینل عبور کرنے کی کوشش میں ہلاک ہوچکے ہیں، جو گزشتہ سال کے دوران ہلاک ہونے والے 12 تارکین وطن سے زیادہ ہیں

بقیہ 6

ڈویلپمنٹ لیوی میں کمی کے لیے پیپلز پارٹی نے ترامیم واپس لے لیں جبکہ اپوزیشن کی ترامیم ایوان نے مسترد کردیں جس پر اپوزیشن نے رائے شماری کرانے کا مطالبہ کیا۔ اس دوران، 170 ارکان اسمبلی نے پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی میں کمی کے خلاف ووٹ دے دیا جبکہ 84 ارکان نے لیوی میں کمی کی حمایت کی۔ اس طرح، پیٹرولیم لیوی میں کمی کی اپوزیشن کی ترامیم کثرت رائے سے مسترد کردی گئیں تاہم وزیر خزانہ نے خود ہی پیٹرولیم لیوی میں کمی کا اعلان کردیا۔

بقیہ 7

چاروں صوبوں نے مل کر اس وقت کے وزیر اعظم اور صدر کے ساتھ مل کر این ایف سی کی منظوری دی، اس وقت ڈسٹرکٹ اپنے عروج پر تھی اور اس سے سب سے زیادہ متاثر پمارے صوبے تھے لیکن خیبر پختونخوا کے فورسز اس وقت فرنٹ لائن پر تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں خود اس میں شریک تھا اور یوسف رضا گیلانی کی سربراہی میں سب کام ہوا یہ آج تک چلا آرہا ہے اور ہمیں اس پر آج تک اعتراض نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 2010 سے آج تک 590 ارب روپے خیبر پختونخوا کو ملے ڈسٹرکٹ کی کے حوالے سے، اس صوبے میں بھی ہمارے بھائی اور بہنوں نے شہادتیں دی ہیں مگر اس عرصے میں کسی کو پیسے نہیں ملے سوائے خیبر پختونخوا کے، میں ادب سے یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ 590 ارب روپے دیے گئے لیکن دکھ کی بات ہے کہ 2010 سے لے کر آج تک صوبہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے خلاف کلیدی کردار ادا کرنے والا محکمہ سی ٹی ڈی اجھورا پڑا ہے وہ مکمل نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے یہ رقم مختص کی گئی تھی ایوارڈ میں، اس کو سوچیں کہ 590 ارب جا چکے مگر سی ٹی ڈی آج بھی نامکمل ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ کے پی کے میں چیف سیکرٹری کی پوسٹ خالی ہے وہاں پر تقرر نہیں ہوا پنجاب میں چیف سیکریٹری کے حوالے سے جو اپوزیشن نے کہا تو ہم نے ان کو تین ناموں کا پینل دیا ہے خیبر پختونخوا میں لیکن ابھی تک انہوں نے فیصلہ نہیں دیا، ان کو نہیں پسند تو ہم اور کوئی پینل دے دیتے ہیں م خیبر پختونخوا کی عوام پاکستان کے بہادر عوام ہیں، یہ ایک خوبصورت صوبہ ہے۔

بقیہ 8

میں 3 رکنی بنچ نے کیس کی سماعت کی، فیصل واوڈا اور مصطفیٰ کمال ذاتی حیثیت میں عدالت پیش ہوئے۔ سماعت کے آغاز پر مصطفیٰ کمال کے وکیل فروغ نسیم نے دلائل دیئے کہ مصطفیٰ کمال نے غیر مشروط معافی مانگی ہے، اب پریس کانفرنس میں بھی ندامت کا اظہار کر چکے ہیں، اس پر چیف جسٹس نے فیصل واوڈا سے دریافت کیا کہ آپ کے وکیل نہیں آئے؟ کیا آپ نے بھی معافی مانگی ہے؟ جس پر فیصل واوڈا نے جواب دیا کہ جی میں نے بھی معافی مانگی ہے۔ اس موقع پر ٹی وی چینلز کی جانب سے فیصل صدیقی ایڈووکیٹ عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ آپ کے موکل کہاں ہیں؟ جس پر وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ 26 چینل کی جانب سے میں وکیل ہوں، چیف جسٹس نے کہا کہ آپ کے کسی کلائنٹ نے ابھی تک کوئی جواب جمع نہیں کرایا۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کا کہنا تھا کہ کسی ایک میڈیا کی جانب سے بھی تحریری جواب جمع نہیں کرایا گیا، اس پر وکیل نے بتایا کہ میڈیا اداروں کو شوکاز نوٹسز نہیں تھے۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے دریافت کیا کہ کیا آپ میڈیا اداروں کو شوکاز کرانا چاہتے ہیں؟ جسٹس عقیل عباسی کا کہنا تھا کہ کم از کم میڈیا اداروں کے کسی ذمہ دار افسر کا دستخط شدہ جواب جمع ہونا چاہیے تھا۔ چیف جسٹس نے فیصل صدیقی سے مکالمہ کیا کہ آپ نے عدالتی حکم پر عمل نہیں کیا، وکیل فیصل صدیقی نے بتایا کہ تمام چینلز کے نمائندگان عدالت میں موجود ہیں، چیف جسٹس نے کہا کہ لیکن چینلز کی جانب سے جواب جمع نہیں کرایا گیا ہے، وکیل فیصل صدیقی نے کہا میں تحریری جواب جمع کرا چکا ہوں۔ اس پر چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کا کہنا تھا کہ جواب پر دستخط وکیل کے ہیں، تو تین عدالت کیس میں دستخط چینلز کے ہونا لازمی ہیں، وکیل فیصل صدیقی نے بتایا کہ شوکاز نوٹس ہوتا تو جواب چینلز کے دستخط سے جمع ہوتا۔ آزادی صحافت اور آزادی اظہار رائے 2 الگ الگ چیزیں ہیں: چیف جسٹس اس پر چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ کیا آپ کو آئین پسند نہیں؟ میں سمجھا آپ آئین سے بات کا آغاز کریں گے، کوئی کسی کو چور ڈاکو کہے اور میڈیا کہے ہم نے صرف رپورٹنگ کی ہے کیا یہ درست ہے؟ کیا ایسے آزاد میڈیا کی اجازت ہونی چاہیے یا نہیں؟ آزادی صحافت اور آزادی اظہار رائے دو الگ الگ چیزیں ہیں، کیا توہین آمیز مواد چلانا توہین عدالت نہیں۔ اس پر وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ فریڈم آف پریس کی وضاحت 200 سال سے کرنے کی کوشش ہو رہی ہے۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کا کہنا تھا کہ 200 سال سے کیوں، 1400 سال سے کیوں شروع نہیں کرتے، آپ کو 1400 سال پسند نہیں؟ 200 کا ذکر اس لئے کر رہے ہیں کہ تب امریکا آزاد ہوا؟ وکیل فیصل صدیقی نے جواب دیا کہ میں 200 سال کی بات اس لئے کر رہا ہوں کہ ماڈرن آئین کی ابتدا تب ہوئی، اس پر چیف جسٹس نے فیصل صدیقی کو آئین کا دیباچہ پڑھنے کی ہدایت کر دی۔ چیف جسٹس نے کہا کہ اسمہ اللہ الرحمن الرحیم سے آغاز ہو رہا ہے آئین کا، اس میں کہاں ماڈرن ایج کا ذکر ہے؟ کس قانون میں لکھا ہے آپ نے پریس کانفرنس لائیو ہی دکھانا تھی، سارا دھندا پیسے کا ہے، ایمان، نیت، اخلاق و تہذیب کا نہیں، ایسا بھی نہیں ہوا کہ ایک بار غلط بات آنے پر پریس کانفرنس کو کاٹ دیا ہو، اب فریڈم آف ایکسپریشن کے تحت بتائیں اس پریس کانفرنس سے کتنے پیسے کمائے ہیں؟ وکیل فیصل صدیقی کا کہنا تھا کہ میں کلائنٹس سے ہدایات لے لیتا ہوں، چیف جسٹس نے کہا کہ ہم ایک ایک سے بلا کر پوچھ لیتے ہیں۔ اس پریس کانفرنس سے کتنے پیسے کمائے ہیں؟ چیف جسٹس کا استفسار اسی کے ساتھ ٹی وی کے ڈائریکٹر نیوز رانا جواد روسٹرم پر آگئے۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے دریافت کیا کہ آپ نے کتنی بار وہ پریس کانفرنس چلائی کتنے پیسے بنائے؟ رانا جواد نے بتایا کہ 11، 12 بلیٹن میں وہ پریس کانفرنس چلی، چینوں کا نہیں پتا میں صرف ایڈیٹوریل دیکھتا ہوں فنانس نہیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ فیصل صدیقی اس جواب پر آپ کے دستخط ہیں، ہم آپ کو بھی توہین عدالت کا نوٹس دے سکتے ہیں، وکیل فیصل صدیقی نے بتایا کہ میں اس جواب کی مکمل ذمہ داری لیتا ہوں۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے ریمارکس دیئے کہ آپ کو خود کہا کہ کم از کم ایک پریس کانفرنس تو توہین آمیز تھی، فیصل صدیقی نے بتایا کہ میں نے بادی النظر میں توہین کیا تھا، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ آپ نے ایسا کچھ نہیں کہا ایسا مت کریں، فیصل صدیقی نے بتایا کہ میں نے کہا تھا بادی النظر میں توہین ہے۔ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ آپ نے جواب میں لکھا ہے آپ پریس کانفرنس میں کچھ کہی باتوں سے متفق نہیں، پریس کانفرنس نشر کرتے وقت آپ نے ساتھ یہ لکھا تھا؟ آپ وہ بات جواب میں کیوں لکھ رہے ہیں جو کی نہیں، پریس کانفرنس کرنے والے دونوں نے آکر کم از کم کہا کہ غلطی ہوئی، ہم بھی اپنی غلطی مانتے ہیں آپ نہیں مانتے، آپ نے جواب میں کہا آپ کی ڈیوٹی ہے پریس کانفرنس کوور کرنا، پاگل خانے میں کوئی پاگل پریس کانفرنس کرے وہ کوور کرنا آپ کی ڈیوٹی ہے؟ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے ریمارکس دیئے کہ پریس کانفرنس کرنیوالے کہہ رہے ہیں ان سے غلطی ہوگئی، آپ مگر کہہ رہے ہیں کہ آپ کا فرض ہے یہ دکھائیں گے، جسٹس عقیل عباسی نے کہا کہ کوئی بھی شخص آکر کہہ دے میں عوام کا نمائندہ ہوں آپ اسے نشر کریں گے؟ چیف جسٹس نے کہا کہ آپ جو باتیں کر رہے ہیں وہ کہاں سے کر رہے ہیں؟ عدالت یا کسی بین الاقوامی کنونشن سے دکھائیں، وکیل نے کہا کہ حقائق اور سچ میں فرق ہوتا ہے، اس پر چیف جسٹس نے حیرانی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ میں آج آپ سے نئی بات سیکھوں گا، وکیل نے جواب دیا کہ میں کہاں آپ کو کچھ بھی سکھا سکتا ہوں، سچ کا تناظر وسیع ہوتا ہے۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کا کہنا تھا کہ آپ ہمارے سامنے کھڑے ہیں یہ حقیقت ہے یا سچ؟ آپ تو ہال کی کھال اتارنے جیسی بات کر رہے ہیں، صدیقی صاحب وکیل نے اپنے کلائنٹ کا مفاد دیکھنا ہوتا ہے۔ وکیل فیصل صدیقی کا کہنا تھا کہ میں چینلز کے دستخط والا جواب جمع کرادوں گا جس پر جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کا کہنا تھا کہ یہ بڑے احسان والی بات ہوگی نا، ہم آپ کو موقع نہیں دیں گے، ہمیں نہ بتائیں ہم نے کیا کرنا ہے۔ اس موقع پر اٹارنی جنرل روسٹرم پر آگئے، چیف جسٹس نے اٹارنی جنرل سے استفسار کیا کہ کیا وکیل ٹی وی چینلز کی جانب سے جواب پر دستخط کرسکتا ہے؟ جسٹس عقیل عباسی نے دریافت کیا کہ چینلز کے کنٹرکٹ پر آپ کی کیا رائے ہے؟ اٹارنی جنرل نے جواب دیا کہ میں اپنی رائے دینے میں محتاط رہوں گا کیونکہ کارروائی آگے بڑھی تو مجھے پراسیکیوٹر بننا ہوگا۔ اس پر چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ پھر ایسی بات نہ کریں جس سے کیس متاثر ہو، جتنا بڑا آدمی ہوتا ہے اس کی ذمہ داری بھی اتنی ہی ہوتی ہے، چینلز کا موقف ہے کہ پریس کانفرنس نشر کرنا بدنیتی پر مبنی نہیں تھا۔ اسی کے ساتھ عدالت نے سماعت میں مختصر وقفہ کردیا، وقفے کے بعد سماعت کے دوبارہ آغاز پر سپریم کورٹ نے سینیٹر فیصل واوڈا اور رُکن قومی اسمبلی مصطفیٰ کمال کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی ختم کردی۔ اس موقع پر فیصل واوڈا نے عدالت میں کہا کہ آپ ہمارے بڑے ہیں، ہمیں اس حد تک نہیں جانا چاہیے، ایک سچ نے مجھے پراسیکیوٹر کہا مجھے بہت کرب سے گزرنا پڑا، اس پر چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ فیصل واوڈا آپ پہلی بات نہ کہتے شاید دوسری بات نہ کی جاتی، غیر مشروط معافی آگئی ہے، معاملے کو آگے نہیں بڑھائیں گے۔ بعد ازاں عدالت نے فیصل واوڈا اور مصطفیٰ کمال کی غیر مشروط معافی قبول کرتے ہوئے توہین عدالت کا نوٹس واپس لے لیا جبکہ ٹی وی چینلز کو شوکاز نوٹس بھی جاری کردیئے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ آپ پارلیمان میں عوام کی نمائندگی کرتے ہیں، ہم آپ کی عزت کرتے ہیں امید ہے آپ بھی ہماری عزت کریں گے، ایک دوسرے کو نیچا دکھانے سے عوام کو نقصان ہوگا، پارلیمان میں آرٹیکل 66 سے آپ کو تحفظ ہے لیکن باہر گفتگو کرنے سے آپ کو آرٹیکل 66 میسر نہیں ہوگا۔ چیف جسٹس پاکستان کا کہنا تھا آپ لوگوں کی غیر مشروط معافی قبول کرتے ہیں، آئندہ اس معاملے میں ذرا احتیاط کریں۔ جسٹس عقیل عباسی کا کہنا تھا کہ کیا ٹی وی چینلز غیر مشروط معافی مانگیں گے؟ چیف جسٹس نے کہا کہ نہیں رہنے دیں اس سے لگے گا ہم انہیں معافی کا کہہ رہے ہیں، وکیل فیصل صدیقی نے بتایا کہ میں نیا بیان دینا چاہ رہا ہوں۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ نہیں اب ہمیں آرڈر لکھوانے دیں، اس کے ساتھ چیف جسٹس نے حکمنامہ لکھوادیا۔ حکم نامے کے مطابق فیصل واوڈا اور مصطفیٰ کمال کو جاری شوکاز واپس لیا جاتا ہے، توقع ہے دونوں رہنما اپنے جمع کرائے گئے جواب پر قائم رہیں گے، اگر دوبارہ کچھ ایسا ہوا تو صرف معافی قابل قبول نہیں ہوگی۔ حکمنامے میں کہا گیا کہ عدالت نے ٹی وی چینلز کو شوکاز نوٹس جاری بھی کردیے، شوکاز نوٹس کا جواب چینلز مالکان اور چیف ایگزیکٹو کے مشترکہ دستخط سے جمع کرایا جائے، شوکاز نوٹس کے جواب میں پریس کانفرنس سے کمائی کی تفصیل بھی دی جائے۔

بقیہ 9

طرح کے لوگوں کو چھوڑ کر ملک میں انتشار کیوں پیدا کیا جاتا ہے؟ جاوید لطیف نے بتایا کہ پاکستان کو ناقابل تسخیر کرنے کے لیے دفاع کی بنیاد رکھیں ذوالفقار علی بھٹو کو اس کا حشر دیکھیں، جب کوئی دفاعی تجربہ کرکے دکھائی تو ایسے ہائی جیکر بنا کر سزا دو۔

بقیہ 10

سے ٹیلیوژن پیدا ہوئی ہے، وزیر اعظم نے صرف اعلان کیا ہے کوئی تفصیل فراہم نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے پاکستانی قوم پر بے جا تنقید شروع ہوگئی، قومی اسمبلی اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا پر بھی تنقید ہوئی، وزیر اعلیٰ نے اس پر پارلیمانی اجلاس میں صورتحال کسی حد تک واضح کی۔ بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا پر الزام لگایا گیا، مطالبہ کرنے کل بتا دیا کہ کوئی فیصلہ نہیں ہوا صرف بات چیت ہوئی ہے، ان کا بیان ہمارے موقف کو درست ثابت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ واضح کرنا چاہتا ہوں ایکس کمپنی میں آپریشن کی کوئی بات نہیں ہوئی، ہمارا صوبہ دہشتگردی کے خلاف 40 سال سے فرنٹ لائن پر ہے، کسی بھی قسم کا آپریشن پارلیمنٹ کی رضامندی کے بغیر نہیں ہونا چاہیے، ماضی میں بھی ہر آپریشن کی پارلیمنٹ نے اجازت دی ہے۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا کا مزید کہنا تھا کہ اگر ہمارے صوبے میں آپریشن ہوتا ہے تو صوبائی اسمبلی اجازت دے گی۔

بقیہ 11

۔رہنما پی ٹی آئی شبلی فراز نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی میں اختلافات اور گروپ بندی کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ ہم سب بانی پی ٹی آئی عمران خان کی قیادت میں متحد ہیں۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان ذات کیلئے جیل میں نہیں ہیں۔ بانی پی ٹی آئی کو سزائے موت کی چکی میں رکھا ہے۔ عدت کیس میں جگ ہنسائی ہوئی۔ ہمارے اوپر جھوٹے کیس چل رہے ہیں۔ آئین کی حکمرانی کیلئے جدوجہد کرنی پڑتی ہے۔ ہم چاہتے ہیں ملک میں آئین وقانون کی بالادستی ہو۔ خیال رہے کہ اس سے قبل پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شیر افضل مروت نے شبلی فراز کے استعفیٰ کا مطالبہ کیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ میں عمر ایوب کے استعفیٰ دینے کا خیر مقدم کرتا ہوں اب پارٹی کارکن مجھے میدان میں دیکھنا چاہتے ہیں تو میرے مطالبے کے حق میں آواز بلند کریں۔ شیر افضل مروت کا یہ بھی کہنا تھا کہ شبلی فراز کے استعفے سے ہی پارٹی قبضہ مافیا کے چنگل سے آزاد ہوگی۔ اپنے ایک بیان میں رہنما پاکستان تحریک انصاف کا مزید کہنا تھا کہ پارٹی کے اہم عہدوں پر فائز چند دیگر افراد کو بھی عمر ایوب کی پیروی کرتے ہوئے استعفے دینے چاہئیں۔ شبلی فراز کو ہٹایا گیا تو وعدہ کرتا ہوں کہ پارٹی وقت کی ضرورت کے مطابق اٹھے گی۔ رہنما پاکستان تحریک انصاف شیر افضل مروت کا مزید کہنا تھا کہ ہم عوام کو ایک عظیم تحریک کیلئے متحرک کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ بلے کے نشان اور مخصوص نشستوں سمیت کئی مثالیں ہیں جہاں پارٹی قیادت ناکام رہی۔ پارٹی کی کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹیاں فیورٹ پر مشتمل ہوتی ہیں، پارٹی کے فیصلے میرٹ پر نہیں ہوتے۔ پارٹی ایک بھی کام پورا کرنے میں ناکام رہی تھی

بقیہ 12

رشرا ہے کے درمیان وزیر اعلیٰ مریم نواز کا خطاب جاری ہے، اسمبلی اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ حکومت پنجاب کو 100 دن مکمل ہوچکے ہیں، ہم نے مالی سال 2024 اور 25 کا اپنا پہلا بجٹ پیش کردیا ہے۔ اس دوران اپوزیشن کی جانب سے نعرے بازی کی گئی کہ ظلم کے ضابطے ہم نہیں مانتے' جس پر مریم نواز نے انہیں مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ بیٹھ جائیں، گلا تھک جائے گا۔ مریم نواز نے کہا کہ اپوزیشن والے میرے بھائی، بہن ہیں، میں جانتی ہوں کہ ان میں سے بہت بڑی تعداد محب وطن پاکستانیوں کی ہے، اس بار پنجاب کے عوام پر کوئی ٹیکس نہیں لگا، 100 دن میں ہم نے جو کام کیے ہیں، وہ ایک بجٹ تقریر میں سمیٹنا میرے لیے ناممکن تھا اور اب جتنا بھی شور کرلیں، میں جانتی ہوں کہ یہ (اپوزیشن) دباؤ میں ہیں کیونکہ ان کے پاس کہنے کے لیے کچھ نہیں ہے۔ اپوزیشن کے پاس کہنے کو کچھ نہیں، کارکردگی سے مات دیدیگے مریم نواز نے کہا کہ اپوزیشن کے پاس کہنے کو کچھ نہیں، گالی گلوچ، نعرہ بازی اور شور مچانا یہ ازل سے کرتے آئے ہیں، انشاء اللہ ہم ان کو اپنی کارکردگی سے مات دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اپنی پہلی بجٹ تقریر میں کہا تھا کہ اس حکومت کو چلانا ایک چیلنج ہے، یہاں نواز شریف جیسا وزیر اعلیٰ بھی رہا جس نے بہترین کام کیے، یہاں شہباز شریف جیسا وزیر اعلیٰ بھی رہا جس نے محنت سے عوام کی تقدیر بدلی، آج 100 دن کے بعد آپ کے سامنے موجود ہوں، تاریخ میں ہوتا ہے 100 دن بعد کیا جاتا ہے میں یہ کروں گا، کروں گی، آپ میں وہ سب کام کرکے آئی ہوں جن کا وعدہ کیا تھا، اپوزیشن کی 100 دن کی کارکردگی بھی یہاں دکھائی جائے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ تین ماہ کی کارکردگی کے بعد پی ٹی آئی نے اخبارات میں اشتہار دیا تھا، وہ خدمت میں نہیں، انتقام لینے، نااہلی کے نئے ریکارڈ قائم کرنے میں مصروف تھے۔ انہوں نے کہا کہ وہ لوگوں کے اسی سی اتروانے میں مصروف تھے، میں فخر سے کہنا چاہتی ہوں کہ نواز شریف وہ لیڈر ہے جس نے کہا کہ عمران خان کے سیل میں اگر ایک اے سی لگا ہے تو دوسرا بھی لگا دو، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ سیاسی مخالفین سے انتقام لینا بہت آسان کام ہے ان کا کہنا تھا کہ سیاسی مخالفین سے انتقام لینا بہت آسان کام ہے، آج تک شہباز شریف نے ایسا قدم نہیں اٹھایا کہ مخالف کی یہ چیز بند کردو، باقی قیدیوں کو رہا کردو، ان کا کہنا تھا کہ ہم نے ہر یونین کونسل کی سطح پر سپورٹس گراؤنڈ بنانے کا فیصلہ کیا ہے، یونین کونسل کی سطح پر سپورٹس گراؤنڈ بنانے کی منظوری دیدی ہے۔ یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز کی میرٹ پر تقرریاں ہوگئی مریم نواز نے مزید کہا کہ یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز کی سلیکشن کا عمل جاری ہے، ایک بھی وائس چانسلر کی تقرری میرٹ کے بغیر نہیں کرنی، دوست رشتے دار اور قریبی ملنے والے کی سفارش کسی معاملے میں قبول نہیں کی، ہم میرٹ پر تقرریاں کر رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ رشوت اور کرپشن ہمارے صحت کے نظام کا بھی حصہ بن چکی ہے، صحت کے شعبے کو ری فارم کرنا آسان کام نہیں، پنجاب کے ہسپتالوں کو اپ گریڈ کا کام شروع کردیا ہے، جو دوائیاں یہ بند کر گئے ان کو دوبارہ شروع کیا ہے، کینسر، ہیپاٹائٹس اور دیگر امراض کی ادویات دے رہے ہیں۔ چند ہفتوں میں 12 لاکھ افراد کا گھر کی دہلیز پر علاج ہوا مریم نواز نے کہا اب تک ہمارا سب سے کامیاب منصوبہ کلینک آن وہیل کا ہے، چند ہفتوں میں 12 لاکھ افراد کا گھر کی دہلیز پر علاج ہوا ہے، یہ نہیں کہہ رہی کہ کروں گی بلکہ عوام کیلئے کام کرکے یہاں آئی ہوں، ہم نے خیبر پختونخوا میں بھی فیلڈ ہسپتال بنایا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اپوزیشن والوں پر ترس آتا ہے، یہ کہتے ہیں میں نک ٹاک بناتی ہوں، نک ٹاک بنانے میں محنت لگتی ہے، کام کرنا پڑتا ہے، 13 بچوں کی ہلاکت ہوئی تو خود وہاں گئی، میں بچوں کے والدین سے ملی، میں نے 13 بچوں کی ہلاکت پر ایکشن لیا تو ڈاکٹرز ہڑتال پر چلے گئے، نرس کے خلاف ایکشن لیا تو وہ ہڑتال پر چلی گئیں، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بات بات پر ہڑتال پر چلے جاتے ہیں انہوں نے چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ شکر گزار ہوں کہ چیف جسٹس نے کل وائے ڈی اے کی ہڑتال پر ایکشن لیا اور ختم کرائی، میں کسی بلیک میلنگ میں آک

City News

سٹی نیوز

اسلام آباد: آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر اجمل بلوچ دیگر تاجر رہنماؤں کے ہمراہ بجلی کے بلوں میں اضافہ کے خلاف پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

تباہی حکومت کو روکیں گے، یکم جولائی کو ملک گیر احتجاج ہوگا، جمل بلوچ

حکومت بجلی بلوں پر ظالمانہ اضافہ فوری واپس لے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (نمائندہ) انجمن تاجران پاکستان کے صدر اجمل بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت بجلی بلوں پر ظالمانہ اضافہ فوری واپس لے، آئی پی پیز کمپنیاں حکومتی بڑوں کی ہیں، آئی پی پیز کو ڈالروں میں 48 ہزار میگاواٹ کی ادائیگیاں ہو رہی ہیں جبکہ ہماری ضرورت صرف 22 ہزار میگاواٹ کی ہے، حکومت آئی پی پی کے ساتھ معاہدوں پر نظر ثانی کرے، فکس ٹیکس کو واپس لیا جائے، بجٹ میں ریلیف کوئی نہیں ملا الٹا عوام ذلیل ہوئے، یہ تباہی حکومت ہے، ان کو روکیں گے، تاجر احتجاج نہیں کرنا چاہتا لیکن اسے احتجاج پر مجبور کیا جاتا ہے، یکم جولائی کو تاجر ہر شہر اور قصبے میں احتجاج کریں گے، عوام بھی ہمارا ساتھ دے، اجمل بلوچ نے ان خیالات کا اظہار انجمن تاجران راولپنڈی کے نائب صدر طارق جدون، صدر انجمن تاجران راولپنڈی کینٹ شیخ حفیظ، صدر سپر مارکیٹ شہزاد عباسی، صدر ستارہ مارکیٹ سید الطاف شاہ، سیکرٹری ٹریڈ ایکشن کمیٹی خالد چوہدری و دیگر کے ہمراہ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا، اجمل بلوچ کا مزید کہنا تھا کہ حکومت نے بجلی کے بلوں میں ظلم کی انتہا کر دی ہے، 200 یونٹ کا بل کچھ جبکہ اس سے زائد یونٹ کا بل میں ہزاروں روپے کا فرق ہے، وزیر اعظم شہباز شریف سے حکومت نہیں ہوتی تو وہ اسے چھوڑ دیں مگر عوام پر ظلم کے پہاڑ مت توڑیں، حکومت اپنے اخراجات، مراعات اور عیاشیاں کم کرنے کو تیار نہیں اور غریب عوام پر ٹیکسز کا بوجھ لادے چلی جا رہی ہے، سرکاری ملازمین کو تنخواہیں ہمارے ٹیکس سے ملتی ہیں، 1700 ہزار ارب روپے تاجر ٹیکس دیتے ہیں، ایک وزیر نے کہا کہ 6 ہزار ارب ایف بی آر کھا جاتی ہے، ممبران اسمبلی، وزیروں مشیروں کے پاس کروڑوں کی سرکاری گاڑیاں ہیں اور مفت کا پیٹرول ملتا ہے، ڈی سی اور اے سی کو کروڑوں کی گاڑیاں دی گئی ہیں، ان تمام سے بڑی گاڑیاں واپس لیکر چھوٹی گاڑیاں دی جائیں۔

راولپنڈی: کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک کے زیر صدارت اجلاس جاری ہے

سرکاری ملازمین کی پنشن، ای سی سی ممبران تقسیم

سول سرونٹس رولز میں ترمیم وزیر اعظم کی سفارش پر صدر پاکستان کر سکتے ہیں، موقف

اسلام آباد (نمائندہ) سرکاری ملازمین کی پنشن سے متعلق ای سی سی کوئی حتمی فیصلہ نہیں کر سکی تاہم کنٹریبیوٹری فنڈ کے قیام کی منظوری دے دی، ذرائع نے بتایا کہ جس سکیم سے بچت سے کنٹریبیوٹری فنڈ قائم ہونا ہے وہ سکیم منظور نہیں کی، ای سی سی ممبران کی پنشن سکیم کے بارے میں متفاد رائے پائی جاتی ہے، ای سی سی ممبران کا موقف ہے کہ وزارت خزانہ یا اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سروسز رولز میں ترمیم کی مجاز نہیں، سول سرونٹس رولز میں ترمیم وزیر اعظم کی سفارش پر صدر پاکستان کر سکتے ہیں، پنشن سکیم لاگو کرنے سے پہلے رولز میں ترمیم ضروری ہے، رولز میں ترمیم کے بغیر پنشن سکیم کا نفاذ ہو ہی نہیں سکتا، ذرائع کے مطابق پنشن سمری کا پیراگراف نمبر 3 اقتصادی رابطہ کمیٹی نے منظور نہیں کیا، سمری کا پیراگراف نمبر 3 سول سرونٹس کے پنشن رول سے متعلق ہے، سول سرونٹس رولز کی منظوری کے بعد پنشن کی مد میں بچت ہو سکے گی، اسی بچت سے وزارت خزانہ میں کنٹریبیوٹری فنڈ قائم کیا جائے گا، پنشن رولز میں ترمیم کے بغیر کنٹریبیوٹری فنڈ قائم نہیں ہو سکتا، رولز صدر پاکستان سے منظور کرا کے معاملہ دوبارہ ای سی سی میں لایا جائے گا۔

اسلام آباد۔ میرپور آزاد کشمیر کے رہائشی طلعت محمود این پی سی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

سعودی شہری ذکی عبدالرب سے جائز رقم اور بسیں واپس دلوائی جائیں

میرپور آزاد کشمیر کے رہائشی طلعت محمود کا حکومت پاکستان اور سعودی حکومت سے مطالبہ

اسلام آباد (نمائندہ) میرپور آزاد کشمیر کے رہائشی طلعت محمود نے حکومت پاکستان اور سعودی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ انہیں انکی جائز رقم اور بسیں واپس دلوائی جائیں، نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے طلعت محمود نے بتایا کہ وہ تقریباً تیس برس تک بسلسلہ روزگار سعودی عرب میں مقیم ہے اس دوران ایک سعودی شہری ذکی عبدالرب الرسول الناس تین لاکھ ریال قرض دیا اور معاہدہ طے پایا کہ قرضہ ادا نہ کرنے کی صورت میں ذکی عبدالرب الرسول الناس ہر چار ماہ بعد تیس ہزار ریال ہرجانہ ادا کرے گا، اس قرض کے بدلے میں ذکی عبدالرب الرسول الناس نے ایک چیک دیا، اس دوران اضافہ ستمبر 2017ء کو میں چھٹی پر پاکستان آگیا، اسی دوران 20 ستمبر 2017ء کو میرا ایکسیڈنٹ ہو گیا اور مجھے پیسوں کی ضرورت پڑی تو میں تو وہ چیک میرپور میں اپنے بینک میں جمع کروایا جس پر وہ چیک بینک اکاؤنٹ میں رقم نہ ہونے کے باعث ڈس آنر ہو گیا جس پر میں نے ذکی الناس سے فون پر رابطہ کیا تو اس نے کوئی جواب نہ دیا جس پر مجھے پریشانی لاحق ہوئی اور میں نے اپنے ایک اور جاننے والے سعودی شہری عبدالرحمٰن المانع کو صورت حال سے آگاہ کیا جس پر اس نے مجھے کہا کہ میں اس کے نام پاور آف اٹارنی خاوند اس کے کہنے پر میں نے تمام کاغذات تیار کرا کر عبدالرحمٰن کو ارسال کر دیے، تمام کاغذات کی تصدیق اور رجسٹریشن کے بعد ذکی عبدالرب الرسول الناس کیخلاف بذریعہ وکیل کیس دائر کر دیا جو تقریباً تین برس تک چلتا رہا، ذکی عبدالرب الرسول الناس اس دوران عدالت میں پیش نہیں ہوا جس پر اسے اشتہاری قرار دیدیا گیا۔

ڈکیتی اور قتل کے مقدمات میں دو مجرموں کو سزائے موت

راولپنڈی (نمائندہ) راولپنڈی کی مقامی عدالت نے ڈکیتی کے دوران شہری کو قتل کرنے والے دو مجرموں کو سزائے موت اور مجموعی طور پر 20 سال قید کی سزا سنا دی، ملزمان کو 10 لاکھ روپے ہرجانہ اور 3 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ عدالت نے مجرمان علی شان اور شایان کو قتل کے جرم میں سزائے موت معہ پانچ، پانچ لاکھ روپے ہرجانہ، ڈکیتی کے جرم میں سات، سات سال قید اور پچاس، پچاس ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی جبکہ عدالت نے دونوں ملزمان کو تین، تین سال اور پچاس، پچاس ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی، مجرمان نے واردات کے دوران چھریوں کے وار سے شہری گلفام حسین کو قتل کر دیا تھا، تھانہ نصیر آباد نے واقعہ کا مقدمہ 2019 میں درج کیا تھا۔

فیملی پلاننگ کے بارے میں آگاہی سیمینار کا انعقاد

راولپنڈی (نمائندہ) ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی پنجاب ثمن رائے کی ہدایات پر کمبائنڈ ملٹری ہسپتال راولپنڈی میں فیملی پلاننگ کے بارے میں آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ ضلعی آفیسر بہبود آبادی راولپنڈی شیریں سخن نے شرکا کو فیملی پلاننگ کے بارے میں آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ ہمارا مقصد ہے کہ پروگرام کے بارے میں شعور و آگاہی کیلئے معاشرے کے ہر فرد کو اس پروگرام میں شامل کر کے کامیاب بنایا جائے۔

آر ڈی اے کا 08 غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف آپریشن

راولپنڈی (نمائندہ) راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے ٹیکسلا کے مختلف مقامات پر 08 غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف آپریشن کر کے سائنبورڈز و فنانسر مسمار اور لینڈ سب ڈویژنز کو سربمہر کر دیا۔ آر ڈی اے ترجمان کے مطابق جمعرات کو کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک کی سربراہی اور ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے کنزہ مرتضیٰ کی نگرانی میں شعبہ انفورسمنٹ کے اعلیٰ افسران نے سیکورٹی عملہ اور پولیس کے ہمراہ ٹیکسلا کے مختلف علاقوں میں کی گئی ہیں۔

پولیس اہلکار کے 9 مئی کے گرفتار ملزمان کا قیمتی سامان بیچنے کا انکشاف

کانسٹیبل صداقت پر 9 مئی کے ملزمان کا سامان بیچنے کا الزام ثابت ہو گیا

راولپنڈی (نمائندہ) راولپنڈی پولیس کے اہلکار کی جانب سے 9 مئی کے گرفتار ملزمان کا قیمتی سامان بیچے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ راولپنڈی پولیس کے اہلکار نے 9 مئی کے گرفتار ملزمان کا قیمتی سامان بیچ دیا، انکوائری میں کانسٹیبل صداقت پر 9 مئی کے ملزمان کا سامان بیچنے کا الزام ثابت ہو گیا۔ تھانہ نیو ٹاؤن پولیس نے 9 مئی کے مقدمے میں 33 ملزمان کو گرفتار کیا تھا، گرفتار 33 ملزمان نے ضمانت کے بعد سامان واپس نہ ملنے پر اے ڈی سی سے رجوع کیا تھا۔ انسداد دہشت گردی عدالت نے اعلیٰ پولیس افسران کو معاملے کی انکوائری کا حکم دیا تھا، انکوائری میں ملزمان سے قیمتی اشیا لے کر مارکیٹ میں فروخت کرنے کا الزام ثابت ہو گیا۔ ملزمان کی قیمتی اشیا میں موبائل فونز، قیمتی گھڑیاں، سونے کی اشیا شامل تھیں، ملزمان کے پاسپورٹ، گاڑیوں کی رجسٹریشن بکس اور اے ٹی ایم کارڈز بھی غائب کیے گئے۔ واضح رہے راولپنڈی پولیس کے اہلکار کی جانب سے 9 مئی کے گرفتار ملزمان کا قیمتی سامان بیچے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ راولپنڈی پولیس کے اہلکار نے 9 مئی کے گرفتار ملزمان کا قیمتی سامان بیچ دیا، انکوائری میں کانسٹیبل صداقت پر 9 مئی کے ملزمان کا سامان بیچنے کا الزام ثابت ہو گیا۔

نیپرا کی ڈسکوز کے مئی کے ماہانہ ایف سی اے کے حوالے سے عوامی سماعت مکمل

ایف سی اے کی مد میں 3 روپے 41 پیسے فی یونٹ اضافہ کی درخواست جمع کروائی تھی

اسلام آباد (نمائندہ) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کے مئی کے ماہانہ فیول چارجز ایڈجسٹمنٹ کے حوالے سے چیئرمین نیپرا وسیم مختار کی زیر صدارت عوامی سماعت کی۔ جمعہ کو ہونے والی سماعت میں سنٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی گارنٹی (سی پی پی اے جی) نے ایف سی اے کی مد میں 3 روپے 41 پیسے فی یونٹ اضافہ کی درخواست جمع کروائی تھی۔ سی پی پی اے جی نے کہا کہ بجلی کی کھپت میں گزشتہ ماہ کی نسبت پانچ فیصد کمی ہوئی ہے جبکہ ایل این جی پیداوار منگوانے سے درآمدی ایل این جی سے زیادہ بجلی پیدا کی گئی۔ نیپرا اتھارٹی نے سماعت کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا اور ڈیٹا کی مزید جانچ پڑتال کے بعد اپنا تفصیلی فیصلہ جاری کرے گی، جس کا اطلاق ڈسکوز کے تمام صارفین ماسوائے لائف لائن اور الیکٹرک وہیکل چارجنگ اسٹیشنز پر ہوگا۔ نیپرا نے بتایا کہ اس کا اطلاق کے الیکٹرک صارفین پر بھی نہیں ہوگا۔

پشاور: کروڑوں روپے کی کرپشن میں ملوث پیسکو کا ایس ڈی او ایف آئی اے کی حراست میں ہے

اے این ایف کی کارروائیاں، 3 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے منشیات سمگلنگ کے خلاف 4 کارروائیوں میں 3 ملزمان کو گرفتار کر کے 344 کلوگرام منشیات برآمد کر لی۔ اے این ایف ہیڈکوارٹر راولپنڈی کے مطابق کارروائیوں کے دوران گزشتہ 24 گھنٹوں میں نوکنڈی چاٹھی سے 7.316 کلوگرام آئس اور 2.17 کلوگرام افیون برآمد کی گئی۔ سہراب گوٹھ کراچی کے قریب موٹر سائیکل سوار سے 6 کلوگرام چرس، قیوم آباد کراچی میں کی گئی۔

ملک بھر میں سونے کی قیمت میں 700 روپے اضافہ ریکارڈ

اسلام آباد (نمائندہ) ملک بھر میں سونے کی قیمت میں 700 روپے اضافہ کے ساتھ فی تولہ سونا 2 لاکھ 41 ہزار 7 سو روپے ہو گئی۔ آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق سونے کی فی تولہ قیمت میں 700 روپے اضافہ کے بعد فی تولہ سونا 2 لاکھ 41 ہزار 7 سو روپے کا ہو گیا ہے جبکہ 24 قیراط سونے کے 10 گرام کی قیمت بھی 600 روپے کے اضافہ سے 206,619 روپے سے بڑھ کر 207,219 روپے ہو گئی جبکہ 10 گرام 22 قیراط سونے کی قیمت 189,400 روپے سے بڑھ کر 189,950 روپے ہو گئی، آل سندھ صرافہ جیولرز ایسوسی ایشن نے جمعہ کو رپورٹ کیا۔ فی تولہ اور دس گرام چاندی کی قیمت بالترتیب 2,850 روپے اور 2443.41 روپے پر مستحکم ہے۔

عدالتوں میں موسم گرما کی تعطیلات کا اعلان

اسلام آباد (نمائندہ) اسلام آباد ہائی کورٹ اور ماتحت عدالتوں میں موسم گرما کی تعطیلات کا اعلان کر دیا، چیف جسٹس عامر فاروق کی منظوری سے اسلام آباد ہائی کورٹ اور ماتحت عدالتوں کے الگ الگ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس کے تحت اسلام آباد ہائی کورٹ میں 10 جولائی سے 10 ستمبر تک موسم گرما کی تعطیلات ہوں گی، ڈسٹرکٹ کورٹس ایسٹ اینڈ ویسٹ میں یکم اگست سے موسم گرما کی تعطیلات کا آغاز ہوگا، ماتحت عدالتوں میں 31 اگست تک تعطیلات رہیں گی، اسلام آباد ہائی کورٹ کے رجسٹرار آفس نے دونوں نوٹیفکیشن جاری کر دیے۔

ایس پی پوٹھوہار کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

راولپنڈی (نمائندہ) ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کیے جائیں، ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی پوٹھوہار نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

محرم الحرام کی آمد سے قبل تمام تر انتظامات مکمل کیے جائیں، ڈپٹی کمشنر

راولپنڈی میں جلوسوں کے روٹس کا پیچ ورک، نالوں کی صفائی یقینی بنائی جائے، حسن وقار چیمہ

راولپنڈی (نمائندہ) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ نے کہا کہ محرم الحرام کی آمد سے قبل تمام تر انتظامات مکمل کیے جائیں۔ جلوسوں کے روٹس کا پیچ ورک، نالوں کی صفائی یقینی بنائی جائے۔ میونسپل کارپوریشن، ایسکو اور پی ٹی سی ایل کی مشترکہ ٹیم تشکیل دی جائے جو کہ جلوسوں کی روٹس پر برقی آلات، کیبل اور پی ٹی سی ایل کی تاریں کی حالت کی بہتری کیلئے کام کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ مون سون کے دوران زیادہ بارشیں ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے اس حوالے سے واسا مکمل طور چوکس رہے۔ محرم الحرام کے جلوس اور مجالس کے داخلی راستوں پر پروٹاکول تھرو گیٹس نصب کیے جائیں اور سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے حوالے سے حکومت کی طرف سے جاری کردہ ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بینرز اور پینافلکس کو فوری طور پر ہٹایا جائے، ہسپتالوں میں ہنگامی صورتحال کے پیش نظر تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جائے۔

بیلٹ اینڈ روڈ انویسٹمنٹ فورم کا اعلیٰ سطحی پالیسی ڈائیلاگ کا انعقاد

پاکستان میں چین کے سفارت خانے نے مشترکہ طور پر اس فورم کی میزبانی کی

اسلام آباد (نمائندہ) بیلٹ اینڈ روڈ انویسٹمنٹ فورم کا اعلیٰ سطحی پالیسی ڈائیلاگ جمعہ کو یہاں منعقد ہوا۔ اعلیٰ سطحی پالیسی ڈائیلاگ میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال اور وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، متعلقہ وزراء، پاکستان میں مقیم چین، سعودی عرب، ترکی، قازقستان، ترکمانستان اور ازبکستان کے سفیروں، سرکاری افسران، ماہرین اور نجی شعبے کے رہنماؤں کے علاوہ چین میں پاکستان کی سابقہ سفیر نغمانہ ہاشمی نے شرکت کی۔ بیلٹ اینڈ روڈ انویسٹمنٹ فورم پرائیویٹ سیکٹر کی قیادت میں پہلا علاقائی اقتصادی فورم ہے۔ وزارت منصوبہ بندی کی مشاورت سے پاکستان میں چین کے سفارت خانے نے مشترکہ طور پر اس فورم کی میزبانی کی۔ اعلیٰ سطحی ڈائیلاگ میں ایک بلین امریکی ڈالر کے مشترکہ منصوبے کے فنڈ کے قیام، علاقائی اقتصادی زون کے قیام اور علاقائی منڈی کے لئے ادارہ جاتی ڈھانچے کی تعمیر جیسے منصوبوں پر بحث ہوئی۔ یہ فورم اعلیٰ پیشہ وارانہ مشاورتی اور علمی پلیٹ فارم ہے تاکہ کثیر جہتی نجی سرمایہ کاری کو آسان بنایا جا سکے۔ اس سے علاقائی مارکیٹ کی مشترکہ تفہیم کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ سینٹر فیلو بیلٹ اینڈ روڈ انویسٹمنٹ فورم ہارون شریف نے کہا کہ یہ فورم ہمارے لئے رائزنگ ایشیا کی صورت میں عالمی اکانومی میں حصہ لینے کا بڑا موقع ہے۔ ایشیا کا کنکٹیویٹی انفراسٹرکچر بہت اچھا ہے لیکن اس کے ذریعے نجی سرمائے کو راغب کرنے کی ضرورت ہے۔

اسلام آباد: آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت "چائنیز نیشنلز کی سیکیورٹی" سے متعلق اہم میٹنگ جاری ہے

انسداد ڈینگی اقدامات میں بہتری لانے کیلئے مربوط پلان مرتب کیا جا رہا ہے

راولپنڈی میں منعقدہ انسداد ڈینگی سرگرمیوں کے جائزہ اجلاس میں کمشنر عامر خٹک کی گفتگو

راولپنڈی (نمائندہ) کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک نے کہا ہے کہ انسداد ڈینگی اقدامات میں بہتری لانے کے لئے وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر اسلام آباد انتظامیہ کے ساتھ مل کر ڈینگی کے خلاف مربوط پلان مرتب کیا جا رہا ہے جس سے اس مہم کے لئے کئے جانے والے اقدامات کا مثبت نتیجہ آئے گا، حالیہ گرم موسم کی وجہ سے ڈینگی مچھر کے خطرات میں کمی ضرور آئی ہے تاہم مون سون کی آمد و بارشوں کے دوران ڈینگی مچھر کی افزائش میں اضافہ کا خطرہ بڑھ جائے گا، اس لئے تمام محکمے ڈینگی کے خلاف کارروائیاں جاری رکھیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنر آفس راولپنڈی میں منعقدہ انسداد ڈینگی سرگرمیوں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن سید نذارت علی، چیف آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر اعجاز و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ ڈینگی مچھر کی افزائش روکنے اور اسے پھلنے کے لئے سازگار ماحول فراہم نہ کرنے کے لئے از حد ضروری ہے کہ اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھا جائے اور چھتوں وغیرہ پر پانی کھڑا نہ ہونے دیا جائے۔

راولپنڈی: موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم تھانہ صادق آباد پولیس کی حراست میں ہے

5000 سے زائد طلبا کی ایچ ای سی کے پہلے لرننگ سکلز اسسمنٹ ٹیسٹ میں شرکت

عصری تقاضوں سے ہم آہنگ لرننگ سکلز اسسمنٹ ٹیسٹ ایک عمومی قابلیت کا امتحان ہے

اسلام آباد (نمائندہ) ہائر ایجوکیشن کمیشن نے ہائر ایجوکیشن ڈویلپمنٹ پروگرام ان پاکستان منصوبے کے تحت پاکستان بھر کے الحاق شدہ کالجوں/یونیورسٹیوں میں پہلی مرتبہ لرننگ سکلز اسسمنٹ ٹیسٹ کا انعقاد کیا، اس ٹیسٹ میں 5,000 سے زیادہ طلباء نے حصہ لیا۔ ایچ ای سی سے جاری پریس ریلیز کے مطابق عصری تقاضوں سے ہم آہنگ لرننگ سکلز اسسمنٹ ٹیسٹ ایک عمومی قابلیت کا امتحان ہے جو عالمی بینک انٹرنیشنل کنسلٹنٹ ڈاکٹر سلوا جورماو کے تعاون سے تیار کیا گیا ہے۔ یہ ٹیسٹ 3 شعبوں یعنی انفارمیشن مینجمنٹ، کمیونیکیشن، اور مسائل کے حل میں طلباء کی عمومی قابلیت کو جانچتا ہے۔ ستمبر 2023 میں ملک بھر میں نظرثانی شدہ انڈر گریجویٹ ایجوکیشن پالیسی کے باضابطہ اجراء کے بعد ضروری ہے کہ اسسمنٹ اسٹڈی کے ذریعے سیکھنے کے عمل پر انڈر گریجویٹ ایجوکیشن پالیسی کے اثرات کا اندازہ لگایا جائے۔ پاکستان کے اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں کیے جانے والے زیادہ تر امتحانات جو ایک مخصوص مضمون میں طلبہ کی قابلیت کا جائزہ لینے پر مبنی ہوتے ہیں کے برعکس لرننگ سکلز اسسمنٹ ٹیسٹ طلبہ کی عمومی صلاحیتوں کا اندازہ لگاتا ہے۔ یہ امتحان ایک معیاری ٹیسٹ ہے جو زبانی استعداد، عددی استدلال، اور تجزیاتی استدلال سمیت مختلف علمی صلاحیتوں کو جانچتا ہے۔ پچھلے سال ایچ ای سی نے مختلف تعلیمی اور تادیبی پس منظر جیسے کہ سائنس، آرٹس، بیوسائنسز، سوشل سائنسز، ریاضی، اور نفسیات سے تعلق رکھنے والے منتخب 15 فیکلٹی ممبران کے ساتھ ایک مشاورتی ورکشاپ کا انعقاد کیا۔

ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، پانچ ملزمان گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف جاری کارروائیوں میں پانچ ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا جن کے قبضے سے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایئرپورٹ پولیس نے ملزم راشد کی 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم ابرار حسین سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، گوجر خان پولیس نے ملزم یاشفہ کی 01 کلاشنکوف معہ ایمونیشن، کلر سیداں پولیس نے ملزم فیصل سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم شاہد سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں، 19 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ) راولپنڈی پولیس نے شہر کے مختلف تھانوں کی حدود میں سماج دشمن کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے چوری، منشیات فروشی، شراب سپلائی، غیر قانونی اسلحہ اور دیگر جرائم میں ملوث 19 ملزمان گرفتار کر لئے۔ پولیس ترجمان کے مطابق صدر واہ پولیس کو متاثرہ لڑکے کے والد نے درخواست دی کہ ملزم عبدالتین نے میرے 12 سالہ بیٹے کو زیادتی کا نشانہ بنایا، صدر واہ پولیس نے متاثرہ لڑکے کے والد کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزم عبدالتین کو گرفتار کر لیا۔

راولپنڈی شہر کی صفائی کیلئے پرعزم اور کوشاں ہیں، چیئرمین

راولپنڈی (نمائندہ) چیئرمین راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی ثاقب رفیق نے کہا ہے کہ شہر کی صفائی کیلئے پرعزم اور کوشاں ہیں۔ نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ لاہور کے 40 ویں مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے 16 رکنی وفد نے ایڈیشنل ڈائریکٹنگ سٹاف حنا خالد کی سربراہی میں راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی ہیڈ آفس کا دورہ کیا اور چیئرمین آر ڈبلیو ایم سی ثاقب رفیق، سی ای او رانا ساجد صفدر سے ملاقات کی۔ وفد کو کمپنی ورکنگ اور کنٹرول روم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی

اسلام آباد: اسلام آباد پولیس کا بری امام اور مسلم کالونی ایریا میں گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشن

نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کی جانب سے روڈ سیفٹی پر سیمینار کا انعقاد

پاکستان میں روڈ سیفٹی کلچر کو نافذ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، ڈی آئی جی مسرور عالم

راولپنڈی (نمائندہ) نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کی جانب سے روڈ سیفٹی پر سیمینار کا انعقاد یونیورسٹی آف سنٹرل پنجاب میں کیا گیا سیمینار میں ڈی آئی جی مسرور عالم کولاچی، سیکٹر کمانڈر ایس پی موٹروے پولیس شہباز عالم، ایسوسی روڈ سیفٹی ڈاکٹر نیاز ملک، ڈین فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ڈاکٹر رضوان شاہ، ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر کفیل احمد سمیت طلبا و طالبات نے شرکت کی ڈی آئی جی مسرور عالم کاچی نے کہا کہ پاکستان میں روڈ سیفٹی کلچر کو نافذ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ موٹروے پولیس طلباء و طالبات اور یوتھ میں آگاہی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ ڈاکٹر نیاز ملک ایسوسی روڈ سیفٹی نے کہا طلبا پاکستان کا مستقبل ہے ہم نے اپنے مستقبل کو حادثات کی نظر نہیں کرنا ہے۔ ایس پی شہباز عالم نے حادثات کے اعداد و شمار اور اس سے بچاؤ کے حوالے سے طلبا کو احتیاطی تدابیر سے آگاہ کیا۔ تقریب کے اختتام پر موٹروے پولیس اور یو سی پی کے عہدیداران میں شیلڈز اور تحائف کا تبادلہ بھی ہوا۔

موٹروے پولیس افسر پر گاڑی چڑھانے کا ایک اور مبینہ واقعہ، مقدمہ درج

موٹروے افسر پر گاڑی چڑھانے کے نتیجے میں ان کا بوٹ پھٹ گیا، ترجمان

اسلام آباد (نمائندہ) موٹروے پر خاتون ڈرائیور کی جانب سے اوور اسپیڈ اور پٹرولنگ افسر کے پیر گاڑی چڑھانے کا ایک اور مبینہ واقعہ پیش آیا جس پر ان کے خلاف تھانہ نصیر آباد میں مقدمہ درج کر لیا گیا اور تیز رفتاری پر چالان بھی کیا گیا۔ پولیس کے مطابق پٹرول افسر پر گاڑی چڑھانے کا واقعہ مین ٹول پلازہ پر پیش آیا اور مقدمہ تھانہ نصیر آباد میں درج کر لیا گیا اور کہا گیا ہے کہ موٹروے افسر پر گاڑی چڑھانے کے نتیجے میں ان کا بوٹ پھٹ گیا۔ مقدمے کے مطابق خاتون کی شناخت ہو گئی ہے اور برطانوی ڈرائیونگ لائسنس پر چالان نکٹ جاری کیا گیا ہے، خاتون ڈرائیور کو چالان نکٹ اوور اسپیڈ ہونے پر جاری کیا گیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ خاتون ڈرائیور کا 2500 روپے کا چالان کیا گیا اور مذکورہ رقم گاڑی میں موجود 22 سالہ شخص نے ادا کی، چالان کی ادائیگی سے قبل اور بعد خاتون نے موٹروے پولیس سے بدتمیزی کی اور سنگین نتائج کی دھمکیاں بھی دیں۔ مقدمے میں کہا گیا کہ خاتون ڈرائیور نے پٹرولنگ افسر پر گاڑی چالان کی رقم ادا کرنے کے بعد چڑھائی اور موقع سے فرار ہو گئی۔

انسداد منشیات، عالمی دن کی تقریب میں شہداء کو خراج تحسین

فورس کمانڈر اے این ایف کی جانب سے طلباء میں ایوارڈ سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے

راولپنڈی (نمائندہ) انسداد منشیات کے عالمی دن کے موقع پر اینٹی نارکوٹکس فورس پنجاب کی جانب سے شہداء کو خراج تحسین، انسداد منشیات کے عالمی دن کے موقع پر اینٹی نارکوٹکس فورس پنجاب کی جانب سے گیریژن گالف اینڈ کنٹری کلب میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اینٹی نارکوٹکس فورس پنجاب کی جانب سے شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں شہداء کے اہل خانہ بھی شریک تھے۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور ڈائریکٹر میاں افضل ٹرسٹ ہسپتال کی تقریر سے کیا گیا۔ ریجنل ڈائریکٹریٹ کمانڈر بریگیڈیئر سکندر حیات